


# ٱلْمُجَـٰدِلَه Al-Mujadilah

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ

**In the name of Allah, Most Gracious, Most Merciful**

## Name

**This Surah is entitled *Al-Mujadalah* as well as *Al Mujadilah*, the title being derived from the word *tujadiluka* of the very first verse. As at the outset mention has been made of the woman who pleaded with the Prophet (peace be upon him) the case of *zihar* pronounced by her husband and urged him to suggest a way out of the difficult situation in order to save her and her children's life from getting ruined. Allah has described her pleading by the word *mujadalah*, the Surah came to be known by this very title.**

**If it is read as *mujadalah*, it would mean pleading and arguing, and if it is read as *mujadilah*, it would mean the woman who pleaded and argued.**

## Period of Revelation

**There is no tradition to tell as to when this incident of pleading and arguing took place, but there is a hint in the subject matter of the Surah on the basis of which it can be said with certainty that it happened some time after the battle of the Trench (Shawwal, 5 A.H.). In Surah Al-Ahzab, Allah while negating that an adopted son could be one's real son, had just said this and no more: And Allah has not made those of your wives whom you divorce by *zihar* your mothers. But in that Surah there was nothing to the effect that to divorce a wife by *zihar* was a sin or a crime, nor anything about the legal injunction concerning it. Contrary to it, in this Surah the whole law relating to *zihar* has been laid down, which shows that these detailed injunctions were sent down some time after the brief reference to it in Surah Al-Ahzab.**

## Subject Matter and Topics

**In this Surah, instructions have been given to the Muslims about the different problems that confronted them at that time.**

**From the beginning of the Surah to verse 6, legal injunctions about *zihar* have been given, along with which the Muslims have been strictly warned that it is contrary to their profession of the faith that they should still persist in the practices of ignorance after they have accepted Islam, that they should break the bounds set by Allah, or refuse to**

**abide by them, or that they should make their own rules and regulations contradictory to them. For this there is not only the punishment of disgrace and humiliation in the world but in the Hereafter too there will be strict accountability for it.**

**In verses 7-10, the hypocrites have been taken to task for their secret whisperings and consultations by which they conspired and intrigued against the Prophet (peace be upon him) and because of their hidden malice and grudge greeted him, like the Jews, in a manner as to wish him ill instead of well. In this connection, the Muslims have been consoled, as if to say: These whisperings of the hypocrites can do no harm to you. Therefore, you should go on doing your duty with full trust in Allah. Besides, they have also been taught this moral lesson: The true believers, when they talk secretly together, do not talk of sin and transgression and disobedience to the Messenger (peace be upon him). If they have to talk secretly together they should talk of goodness and piety.**

**In verses 11-13, the Muslims have been taught certain manners of social behavior and given instructions to eradicate certain social evils which were prevalent among the people then as they are today. If some people are sitting in an assembly, and more people arrive, they do not show even the courtesy as to squeeze in so as to make room for others, with the result that the newcomers have to keep standing, or to sit in the doorway, or to go back, or seeing that there is enough room yet start jumping over the people's heads to find room for themselves. This often used**

to be experienced in the Prophet's (peace be upon him) assemblies. Therefore, Allah gave the instruction, as if to say: Do not behave selfishly and narrow mindedly in your assemblies but do accommodate the new-comers also with an open heart.

Likewise, another vice found among the people is that when they go on a visit to somebody (an important person, in particular), they prolong their sitting and do not at all mind that encroaching upon his time unduly would cause him hardship. Then, if he tells them to leave, they mind it; if he himself rises up from their assembly, they complain of his lack of manners; if he tells them indirectly that he has some other business to attend to, for which he needs time, they turn a deaf ear to his request. The Prophet (peace be upon him) himself had to experience such misconduct of the people, who in their earnestness to benefit by his teaching did not at all see that they were wasting his precious time that was badly needed for other important works. At last, Allah in order to eradicate this bad manner, enjoined that when the people are asked to rise up from an assembly, they should rise up and disperse.

Another vice prevalent among the people was that each person wished to have secret counsel individually with the Prophet (peace be upon him) without any real need, or would like that he should approach him during an assembly and whisper something to him. This was not only embarrassing for the Prophet (peace be upon him) but also annoying for the people who sat in the assembly. That is why Allah imposed the restriction that anyone who wanted

**to consult him in private, should first give away something in charity. The object was that the people should be warned of this bad manner and made to give it up. Thus, the restriction was kept in force for a short while, and when the people had corrected their behavior, it was withdrawn.**

**From verse 14 to the end of the Surah, members of the Muslim society, which was a mixture of the sincere Muslims and the hypocrites and those who wavered have been told plainly as to what is the criterion of sincerity in Islam. One kind of Muslims are those who are friends with the enemies of Islam: they do not hesitate for the sake of their interests to be treacherous to the religion which they profess to believe in; they spread all sorts of doubts and suspicions against Islam and prevent the people from adopting the way of Allah. But since they are part of the Muslim community, their false profession of faith serves them as a cover and shield. The second kind of Muslims are those who, in the matter of Allah's religion, do not care even for their own father, brother, children, family or others. They do not cherish any feeling of love for the person who is an enemy of God and His Messenger (peace be upon him) and His religion. Allah, in these verses has explicitly stated that the people of the first kind, in fact, belong to Satan's party however hard they may try to convince others of their Islam by swearing oaths. And the honor of belonging to Allah's party is possessed only by the Muslims of the second kind. They alone are the true Muslims: they alone will attain to true success, and with them alone is Allah well pleased.**

## نام

اس سورۃ کا نام المجادَلہ بھی ہے المجادِلہ بھی۔ یہ نام پہلی ہی آیت کے لفظ تُجَادِلُكَ سے ماخوذ ہے۔ چونکہ سورۃ کے آغاز میں ان خاتون کا ذکر آیا ہے جنھوں نے اپنے شوہر کے ظہار کا قضیہ رسول اللہ ﷺ کے سامنے پیش کر کے بار بار اصرار کیا تھا کہ آپ کوئی ایسی صورت بتائیں جس سے ان کی اور ان کے بچوں کی زندگی تباہ ہونے سے بچ جائے، اور اللہ تعالیٰ نے ان کے اصرار کو لفظ مجادلہ سے تعبیر فرمایا ہے، اس لیے یہی اس سورۃ کا نام قرار دیا گیا۔ اس کو اگر مجادَلہ پڑھا جائے تو اس کے معنی ہوں گے "بحث و تکرار" اور مجادِلہ پڑھا جائے تو معنی ہوں گے "بحث و تکرار کرنے والی"۔

## زمانہ نزول

کسی روایت میں اس امر کی تصریح نہیں کی گئی ہے کہ مجادلہ کا یہ واقعہ کب پیش آیا تھا۔ اگر ایک علامت اس سورہ کے مضمون میں ایسی ہے جس کی بنا پر یہ بات تعین کے ساتھ کہی جا سکتی ہے کہ اس کا زمانہ غزوۂ احزاب (شوال ۵ ھ) کے بعد کا ہے۔ سورۂ احزاب میں اللہ تعالیٰ نے منہ بولے بیٹے کے حقیقی بیٹا ہونے کی نفی کرتے ہوئے صرف یہ اشارہ فرما کر چھوڑ دیا تھا کہ وَمَا جَعَلَ اَزْوَاجَکُمُ الّٰٓئِ تُظٰھِرُوْنَ مِنْھُنَّ اُمَّھٰتِکُمْ (اور اللہ نے تمہاری ان بیویوں کو جن سے تم ظہار کرتے ہو تمہاری مائیں نہیں بنا دیا ہے)۔ مگر اس میں یہ نہیں بتایا گیا تھا کہ ظہار کرنا کوئی گناہ یا جرم ہے، اور یہ بتایا گیا تھا کہ اس فعل کا شرعی حکم کیا ہے۔ بخلاف اس کے اس سورہ میں ظہار کا پورا قانون بیان کر دیا گیا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ مفصل احکام اس مجمل ہدایت کے بعد نازل ہوئے ہیں۔

## موضوع اور مباحث

اس سورۃ میں مسلمانوں کو ان مختلف مسائل کے متعلق ہدایت دی گئی ہیں جو اس وقت درپیش تھے۔ آغاز سورۃ سے آیت ۶ تک ظہار کے شرعی احکام بیان کیے گئے ہیں، اور اس کے ساتھ مسلمانوں کو پوری سختی کے ساتھ متنبہ کیا گیا ہے کہ اسلام کے بعد بھی جاہلیت کے طریقوں پر قائم رہنا اور اللہ کی مقرر کی ہوئی حدوں

کو توڑنا، یا ان کی پابندی سے انکار کرنا، یا ان کے مقابلہ میں خود اپنی مرضی سے کچھ اور قاعدے اور قوانین بنا لینا، قطعی طور پر ایمان کے منافی حرکت ہے، جس کی سزا دنیا میں بھی ذلت و رسوائی ہے اور آخرت میں بھی اس پر سخت باز پرس ہونی ہے۔

آیات ۷ تا ۱۰ میں منافقین کی اس روش پر گرفت کی گئی ہے کہ وہ آپس میں خفیہ سرگرمیاں کر کے طرح طرح کی شرارتوں کے منصوبے بناتے تھے، اور ان کے دلوں میں جو بغض چھپا ہوا تھا اس کی بنا پر رسول ﷺ کو یہودیوں کی طرح ایسے طریقے سے سلام کرتے تھے جس سے دعا کے بجائے بددعا کا پہلو نکلتا تھا۔ اس سلسلہ میں مسلمانوں کو تسلی دی گئی ہے کہ منافقین کی یہ سرگوشیاں تمہارا کچھ نہیں بگاڑ سکتیں، اس لیے تم اللہ کے بھروسے پر اپنا کام کرتے رہو۔ اور اس کے ساتھ ان کو یہ اخلاقی تعلیم بھی دی گئی ہے کہ سچے اہلِ ایمان کا کام گناہ اور ظلم و زیادتی اور رسول کی نافرمانی کے لیے سرگوشیاں کرنا نہیں ہے، وہ اگر آپس میں بیٹھ کر تخلیے میں کوئی بات کریں بھی تو وہ نیکی اور تقویٰ کی بات ہونی چاہیے۔

آیت ۱۱ تا ۱۳ میں مسلمانوں کو مجلسی تہذیب کے کچھ آداب سکھائے گئے ہیں اور بعض ایسے معاشرتی عیوب کو دور کرنے کے لیے ہدایات دی گئی ہیں جو پہلے بھی لوگوں میں پائے جاتے تھے اور آج بھی پائے جاتے ہیں کہ کسی مجلس میں اگر بہت سے لوگ بیٹھے ہوئے ہوں اور باہر سے کچھ لوگ آجائیں تو پہلے سے بیٹھے ہوئے اصحاب اتنی سی زحمت گوارا نہیں کرتے کہ ذرا سمٹ کر بیٹھ جائیں اور دوسروں کے لیے گنجائش پیدا کر دیں۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بعد کے آنے والے کھڑے رہ جاتے ہیں، یا دہلیز میں بیٹھنے پر مجبور ہوتے ہیں، یا واپس چلے جاتے ہیں، یا یہ دیکھ کر کہ مجلس میں ابھی کافی گنجائش موجود ہے، حاضرین کے اوپر سے پھاندتے ہوئے اندر گھس آتے ہیں۔ یہ صورتِ حال نبی ﷺ کی مجلسوں میں اکثر پیش آتی رہتی تھی۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے لوگوں کو یہ ہدایات فرمائیں کہ اپنی مجلسوں میں خود غرضی اور تنگ دلی کا مظاہرہ نہ کیا کریں بلکہ بعد کے آنے والوں کو کھلے دل سے جگہ دے دیا کریں۔

اسی طرح ایک عیب لوگوں میں یہ بھی ہوتا ہے کہ کسی کے یہاں (خصوصاً کسی اہم شخصیت کے یہاں)

جاتے ہیں تو جم کر بیٹھ جاتے ہیں اور اس بات کا کچھ خیال نہیں کرتے کہ ضرورت سے زیادہ اس کا وقت لینا اس کے لیے باعث زحمت ہو گا۔ اگر وہ کہے کہ حضرت اب تشریف لے جایئے تو برا مانتے ہیں۔ ان کو چھوڑ کر اٹھ جائے تو بد اخلاقی کی شکایت کرتے ہیں۔ اشارے کنایے سے ان کو بتائے کہ اب کچھ دوسرے ضروری کاموں کے لیے اس کو وقت ملنا چاہیئے تو سنی اَن سنی کر جاتے ہیں۔ لوگوں کے اس طرز عمل سے خود نبی ﷺ کو بھی سابقہ پیش آتا تھا اور آپ کی صحبت سے فائدہ اٹھانے کے شوق میں اللہ کے بندے اس بات کا لحاظ نہیں کرتے تھے کہ وہ بہت زیادہ قیمتی کاموں کا نقصان کر رہے ہیں۔ آخر کار اللہ تعالیٰ نے یہ تکلیف دہ عادت چھڑانے کے لیے حکم دیا کہ جب مجلس برخاست کرنے کے لیے کہا جائے تو اٹھ جایا کرو۔ ایک اور عیب لوگوں میں یہ بھی تھا کہ ایک ایک آدمی آ کر خواہ مخواہ حضور سے تخلیہ میں بات کرنے کی خواہش کرتا تھا یا مجلس عام میں یہ چاہتا تھا کہ آپ کے قریب جا کر سرگوشی کے انداز میں آپ سے بات کرے۔ یہ چیز حضور ﷺ کے لیے بھی تکلیف دہ تھی اور دوسرے لوگ جو مجلس میں موجود ہوتے، ان کو بھی ناگوار ہوتی تھی۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے یہ پابندی لگا دی کہ جو شخص بھی آپ سے علیحدگی میں بات کرنا چاہے وہ پہلے صدقہ دے۔ اس سے مقصود صرف یہ تھا کہ لوگوں کو اس بری عادت پر متنبہ کیا جائے تاکہ وہ اسے چھوڑ دیں۔ چنانچہ یہ پابندی بس تھوڑی دیر تک باقی رکھی گئی اور جب لوگوں نے اپنا طرز عمل درست کر لیا تو اسے منسوخ کر دیا گیا۔

آیت ۱۴ سے آخر سورہ تک مسلم معاشرے کے لوگوں کو جن میں مخلص اہل ایمان اور منافقین اور مذبذبین سب ملے جلے تھے، بالکل دو ٹوک طریقے سے بتایا گیا کہ دین میں آدمی کے مخلص ہونے کا معیار کیا ہے۔ ایک قسم کے مسلمان وہ ہیں جو اسلام کے دشمنوں سے دوستی رکھتے ہیں، اپنے مفاد کی خاطر اس دین سے غداری کرنے میں کوئی تامل نہیں کرتے جس پر ایمان رکھنے کا دعویٰ کرتے ہیں، اور اسلام کے خلاف طرح طرح کے شبہات اور وسوسے پھیلا کر اللہ کے بندوں کو اللہ کی راہ پر آنے سے روکتے ہیں، مگر چونکہ وہ مسلمانوں کے گروہ میں شامل ہیں، اس لیے ان کا جھوٹا اقرار ایمان ان کے لیے ڈھال کا کام دیتا ہے۔ دوسری قسم کے مسلمان وہ ہیں جو اللہ کے دین کے معاملہ میں کسی اور کا لحاظ تو درکنار، خود اپنے باپ، بھائی، اور اولاد اور خاندان تک

کی پروا نہیں کرتے۔ ان کا حال یہ ہے کہ جو خدا اور رسول اور اس کے دین کا دشمن ہے اس کے لیے ان کے دل میں کوئی محبت نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان آیات میں صاف فرما دیا ہے کہ پہلی قسم کے لوگ چاہے کتنی ہی قسمیں کھا کھا کر اپنے مسلمان ہونے کا یقین دلائیں، درحقیقت وہ شیطان کی پارٹی کے لوگ ہیں، اور اللہ کی پارٹی میں شامل ہونے کا شرف صرف دوسری قسم کے مسلمانوں کو حاصل ہے۔ وہی سچے مومن ہیں۔ ان ہی سے اللہ راضی ہے۔ فلاح وہی پانے والے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| In the name of Allah, Most Gracious, Most Merciful. | اللہ کے نام سے جو بہت مہربان نہایت رحم والا ہے۔ | بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ |
| 1. Certainly Allah *1 has heard the words of her who was pleading with you concerning her husband and complained to Allah. And Allah heard the argument between you both. *2 Indeed, Allah is All Hearing, All Seeing. | بیشک سن لی اللہ *1 نے بات اسکی جو جھگڑتی تھی تم سے اپنے شوہر کے بارے میں اور فریاد کرتی تھی اللہ سے۔ اور اللہ سن رہا تھا گفتگو تم دونوں کی۔ *2 بیشک اللہ سنتا ہے دیکھتا ہے۔ | قَدۡ سَمِعَ اللّٰہُ قَوۡلَ الَّتِیۡ تُجَادِلُکَ فِیۡ زَوۡجِہَا وَ تَشۡتَکِیۡۤ اِلَی اللّٰہِ ٭ۖ وَ اللّٰہُ یَسۡمَعُ تَحَاوُرَکُمَا ؕ اِنَّ اللّٰہَ سَمِیۡعٌۢ بَصِیۡرٌ ﴿۱﴾ |

*1 Here, hearing does not merely imply hearing a complaint but also redressing the grievances.

*1 یہاں سننے سے محض سن لینا نہیں ہے بلکہ فریاد رسی کرنا ہے، جیسے ہم اُردو زبان میں کہتے ہیں اللہ نے دُعا سن لی اور اس سے مراد دعا قبول کر لینا ہوتا ہے۔

***2 The translators generally have translated these sentences in the past tense, which tends to give the meaning that the woman had left after relating her complaint and the Prophet (peace be upon him) some time later might have received this revelation. That is why Allah has said: We indeed heard what the woman said, who was pleading with you and complaining to Us, and We were at that time hearing the conversation of both of you. But in most of the traditions that have been reported in the Hadith about this incident, it has been stated that right at the time when the woman was relating the *zihar* pronounced by her husband and complaining to the Prophet (peace be upon him) to the effect that if she was separated from her husband, she and her children would be ruined, the state of receiving revelation appeared on the Prophet (peace be upon him) and these verse's were sent down. On this basis we have preferred rendering these sentences in the present tense.**

**The woman concerning whom these verses were sent down was Khaulah bint-Thalabah of the Khazraj tribe, and her husband, Aus bin Samit Ansari, was brother of Ubadah bin Samit, the chief of the Aus tribe. The story of the *zihar* upon her is related in detail below. What is worth mentioning here is that the incident of woman's complaint being heard by Allah Almighty and the coming down of the divine command immediately to redress her grievance was an event that earned her a place of honor and esteem among the companions. Ibn Abi Hatim and Baihaqi have related that once Umar was on his way out with some companions. On the way he came across a woman, who**

**stopped him; he immediately stopped and listened to what she had to say patiently with his head bent down, and did not move till she had finished. One of the companions said: O commander of the faithful, you held back the Quraish chiefs for so long for the sake of this old woman! Umar said: Do you know who she is? She is Khaulah bint-Thalabah, the woman whose complaint was heard at the seventh heaven. By God, even if she had kept me standing till the night, I would have kept standing. I would only have excused myself at the prayer times. Ibn Abdul Barr has related in Al-Istiab this tradition from Qatadah: When Umar came across this lady, on the way, he greeted her. After answering his greeting, she said: O Umar, there was a time when I saw you at the Ukaz festival. Then you were called Umair. You tended goats with the shepherd's staff in your hand. Then, not very long after this, you began to be called Umar. Then a time came when the people began addressing you as commander of the faithful. So, fear Allah with regard to your subjects, and remember that the one who fears Allah's punishment, for him the stranger also is like a close kinsman, and the one who fears death, may well lose that very thing which he wants to save. At this Jarud Abdi, who was accompanying Umar, said: O woman, you have talked insolently to the commander of the faithful. Thereupon Umar said: Let her say whatever she has to say. Do you know who she is? She was heard at the seventh heaven. So, she deserves to be heard longer and with greater attention by Umar. Imam Bukhari has also related briefly a story resembling to this.**

*2 عام طور پر مترجمین نے اس مقام پر مجادلہ کر رہی تھی، فریاد کر رہی تھی، اور اللہ سن رہا تھا ترجمہ کیا ہے جس سے پڑھنے والے کا ذہن یہ مفہوم اخذ کرتا ہے کہ وہ خاتون اپنی شکایت سنا کر چلی گئی ہوں گی اور بعد میں کسی وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی آئی ہوگی، اسی لیے تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اس عورت کی بات ہم نے سن لی جو تم سے تکرار اور ہم سے فریاد کر رہی تھی، اور ہم اس وقت تم دونوں کی بات سن رہے تھے۔ لیکن اس واقعہ کے متعلق جو روایات احادیث میں آئی ہیں ان میں سے اکثر میں یہ بتایا گیا ہے کہ جس وقت وہ خاتون اپنے شوہر کے ظہار کا قصہ سنا سنا کر بار بار حضور ﷺ سے عرض کر رہی تھیں کہ اگر ہم دونوں کی جدائی ہو گئی تو میں مصیبت میں پڑ جاؤں گی اور میرے بچے تباہ ہو جائیں گے، عین اسی حالت میں رسول اللہ ﷺ پر نزول وحی کی کیفیت طاری ہوئی اور یہ آیات نازل ہوئیں۔ اس بنا پر ہم نے اس کو ترجیح دی ہے کہ ترجمہ حال کے صیغوں میں کیا جائے۔

یہ خاتون جن کے معاملہ میں آیات نازل ہوئی ہیں قبیلہ خزرَج کی خولہ بنت ثعلبہ تھیں، اور ان کے شوہر اَوس بن صامت انصاری، قبیلہ اَوس کے سردار حضرت عبادہ بن صامت کے بھائی تھے۔ ان کے ظہار کا قصہ آگے چل کر ہم تفصیل کے ساتھ نقل کریں گے۔ یہاں قابل ذکر بات یہ ہے کہ ان صحابیہ کی فریاد کا بارگاہِ الٰہی میں مسموع ہونا اور فوراً ہی وہاں سے ان کی فریاد رسی کے لیے فرمان مبارک نازل ہو جانا ایک ایسا واقعہ تھا جس کی وجہ سے صحابہ کرام میں ان کو ایک خاص قدر و منزلت حاصل ہو گئی تھی۔ ابن ابی حاتم و بیہقی نے یہ روایت نقل کی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت عمرؓ کچھ اصحاب کے ساتھ کہیں جا رہے تھے۔ راستہ میں ایک عورت ملی اور اس نے ان کو روکا۔ آپ فوراً رک گئے۔ سر جھکا کر دیر تک اس کی بات سنتے رہے اور جب تک اس نے بات ختم نہ کر لی آپ کھڑے رہے۔ ساتھیوں میں سے ایک صاحب نے عرض کیا امیر المومنین، آپ نے قریش کے سرداروں کو اس بڑھیا کے لیے اتنی دیر روکے رکھا۔ فرمایا جانتے بھی ہو یہ کون ہے؟ یہ خولہ بنت ثعلبہ ہے۔ یہ وہ عورت ہے جس کی شکایت سات آسمانوں پر سنی گئی۔ خدا کی قسم، اگر یہ رات تک مجھے کھڑا رکھتی تو میں کھڑا رہتا، بس نمازوں کے اوقات پر اس سے معذرت کر دیتا۔ ابن عبدالبر نے اِستیعاب میں قتادہ کی روایت نقل کی ہے کہ یہ خاتون راستہ میں حضرت عمرؓ کو ملیں تو آپ نے اِن کو

سلام کیا۔ یہ سلام کا جواب دینے کے بعد کہنے لگیں "اوہو، اے عمرؓ ایک وقت تھا جب میں نے تم کو بازار عکاظ میں دیکھا تھا۔ اس وقت تم عمیر کہلاتے تھے۔ لاٹھی ہاتھ میں لیے بکریاں چراتے پھرتے تھے۔ پھر کچھ زیادہ مدت نہ گزری تھی کہ تم عمرؓ کہلانے لگے۔ پھر ایک وقت آیا تم امیر المومنین کہے جانے لگے۔ ذرا رعیت کے معاملہ میں اللہ سے ڈرتے رہو اور یاد رکھو کہ جو اللہ کی وعید سے ڈرتا ہے اس کے لیے دور کا آدمی بھی قریبی رشتہ دار ہی کی طرح ہوتا ہے، اور جو موت سے ڈرتا ہے اس کے حق میں اندیشہ ہے کہ وہ اسی چیز کو کھودے گا جسے بچانا چاہتا ہے۔" اس پر جارود عبدی، جو حضرت عمرؓ کے ساتھ تھے، بولے، اے عورت، تونے امیر المومنینؓ کے ساتھ بہت زبان درازی کی۔ حضرت عمر نے فرمایا، انہیں کہنے دو۔ جانتے بھی ہو یہ کون ہیں؟ ان کی بات تو سات آسمانوں کے اوپر سنی گئی تھی۔ عمرؓ کو تو بدرجۂ اولیٰ سننی چاہیے۔ امام بخاریؒ نے بھی اپنی تاریخ میں اختصار کے ساتھ اس سے ملتا جلتا قصہ نقل کیا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| اَلَّذِيۡنَ يُظٰهِرُوۡنَ مِنۡكُمۡ مِّنۡ نِّسَآئِهِمۡ مَّا هُنَّ اُمَّهٰتِهِمۡ‌ؕ اِنۡ اُمَّهٰتُهُمۡ اِلَّا الّٰٓـىِٔۡ وَلَدۡنَهُمۡ‌ؕ وَاِنَّهُمۡ لَيَقُوۡلُوۡنَ مُنۡكَرًا مِّنَ الۡقَوۡلِ وَزُوۡرًا‌ؕ وَ اِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوۡرٌ ﴿۲﴾ | وہ لوگ جو ماں کہدیتے ہیں تم میں سے اپنی عورتوں کو*3 نہیں ہو جاتیں وہ انکی مائیں۔ نہیں ہیں انکی مائیں مگر وہی جنہوں نے انہیں جنا۔*4 اور بیشک وہ کہتے ہیں نامعقول بات اور جھوٹ*5۔ اور بیشک اللہ معاف کرنیوالا بخشنے والا ہے۔*6 | 2. Those who pronounce as mothers from among you their wives, *3 they are not their mothers. Their mothers are not but those who gave them birth. *4 And indeed they say an ill word and a lie. *5 And indeed Allah is All Pardoning, All Forgiving. *6 |

*3 Among the Arabs it often so happened that during a family quarrel, the husband in the heat of the moment

**would say to his wife: *Anti alayya ka-zahri ammi* which literally means: You are for me as the back of my mother. But its real meaning is: To have sexual relations with you would be like having sexual relations with my mother. Such words are still uttered by the foolish people, who, as the result of a family quarrel, declare the wife to be like their mother, or sister, or daughter, and make her unlawful for themselves like the prohibited women. This is called *zihar*. *Zahr* in Arabic is metaphorically used for riding and mounting. Thus, the conveyance is called *zahr*, because man rides on its back. As this word was employed in order to make the wife unlawful, it was termed *zihar*. In the pre-Islamic days this was looked upon as tantamount to the pronouncement of divorce, even of greater effect than that, for they took it to mean that the husband was not only severing his marital relations with his wife but was also declaring her to be unlawful for himself like his mother. On this very basis, the Arabs thought reunion could be possible after a divorce but it was impossible after *zihar*.**

*3 عرب میں بساوقات یہ صورت پیش آتی تھی کہ شوہر اور بیوی میں لڑائی ہوتی تو شوہر غصے میں آکر کہتا اَنتِ عَلَیّ کَظَھرِ اُمِّیّ۔ اس کے لغوی معنی تو یہ ہیں کہ ''تو میرے اوپر ایسی ہے جیسے میری ماں کی پیٹھ''، لیکن اس کا اصل مفہوم یہ ہے کہ ''تجھ سے مباشرت کرنا میرے لیے ایسا ہے جیسے میں اپنی ماں سے مباشرت کروں''۔ اس زمانے میں بھی بہت سے نادان لوگ بیوی سے لڑ کر اس کو ماں، بہن، بیٹی سے تشبیہ دے بیٹھتے ہیں جس کا صاف مطلب یہ ہوتا ہے کہ آدمی گویا اب اسے بیوی نہیں بلکہ ان عورتوں کی طرح سمجھتا ہے جو اس کے لیے حرام ہیں۔ اسی فعل کا نام ظہار ہے۔ ظہر عربی زبان میں استعارے کے طور پر سواری کے لیے بولا جاتا ہے۔ مثلاً سواری کے جانور کو ظہر کہتے ہیں، کیونکہ اس کی پیٹھ پر آدمی سوار ہوتا ہے چونکہ وہ لوگ

بیوی کو اپنے اوپر حرام کرنے کے لیے کہتے تھے کہ تجھے ظہر بنانا میرے اوپر ایسا حرام ہے جیسے اپنی ماں کو ظہر بنانا، اس لیے یہ کلمات زبان سے نکالنا ان کی اصطلاح میں "ظہار" کہلاتا تھا۔ جاہلیت کے زمانہ میں اہل عرب کے ہاں یہ طلاق، بلکہ اس سے بھی زیادہ شدید قطع تعلق کا اعلان سمجھا جاتا تھا، کیونکہ ان کے نزدیک اس کے معنی یہ تھے کہ شوہر اپنی بیوی سے نہ صرف ازدواجی رشتہ توڑ رہا ہے بلکہ اسے ماں کی طرح اپنے اوپر حرام قرار دے رہا ہے۔ اسی بناء پر اہلِ عرب کے نزدیک طلاق کے بعد تو رجوع کی گنجائش ہو سکتی تھی، مگر ظہار کے بعد رجوع کا کوئی امکان باقی نہ رہتا تھا۔

***4 This is Allah's first decision concerning *zihar*. It means that if a person shamelessly compares the wife to his mother, his this utterance does not make his wife his mother, nor is she endowed with the sanctity that the mother enjoys. The mother's being mother is fact, for she has given birth to the man. On this very ground, she is eternally sacred and prohibited. Now, how will the woman who has not given him birth become his mother simply by a word of mouth, and how will sanctity and prohibition be established for her by reason, morality and law which, by virtue of this fact, is only reserved for the mother who gave birth. Thus, Allah by this condemnation abolished the custom of the pre-Islamic ignorance according to which the marriage contract between the husband, by pronouncing *zihar*, and the wife stood dissolved and she became absolutely forbidden for him like the mother.**

*4 یہ ظہار کے متعلق اللہ تعالیٰ کا پہلا فیصلہ ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر ایک شخص منہ پھوڑ کر بیوی کو ماں سے تشبیہ دے دیتا ہے تو اس کے ایسا کہنے سے بیوی ماں نہیں ہو سکتی، نہ اس کو وہ حرمت حاصل ہو سکتی ہے جو ماں کو حاصل ہے۔ ماں کا ماں ہونا تو ایک حقیقی امر واقعہ ہے، کیوں کہ اس نے آدمی کو جنا ہے۔

اسی بنا پر اسے ابدی حرمت حاصل ہے۔ اب آخر وہ عورت جس نے اس کو نہیں جنا ہے، محض منہ سے کہہ دینے پر اس کی ماں کیسے ہو جائے گی، اور اس کے بارے میں عقل، اخلاق، قانون، کسی چیز کے اعتبار سے بھی وہ حرمت کیسے ثابت ہوگی جو اس امر واقعی کی بنا پر جننے والی ماں کے لیے ہے۔ اس طرح یہ بات ارشاد فرما کر اللہ تعالیٰ نے جاہلیت کے اس قانون کو منسوخ کر دیا جس کی رو سے ظہار کرنے والے شوہر سے اس کی بیوی کا نکاح ٹوٹ جاتا تھا اور وہ اس کے لیے ماں کی طرح قطعی حرام سمجھ لی جاتی تھی۔

***5 That is, to liken the wife to the mother is, in the first place, an absurd and shameful thing which no noble person should ever think of, not to speak of uttering it with the tongue. Secondly, it is also a falsehood, for if the one who says such a thing is giving the news that his wife has now become his mother for him, he is uttering falsehood, and if he is declaring that he has henceforth bestowed on his wife the sanctity of the mother, even then his claim is false, for God has not given him the authority that he may treat a woman as his wife as long as he likes and then start treating her as his mother as and when he likes. The lawgiver is Allah Almighty, not he, and Allah has included in the order of motherhood the grandmothers, both paternal and maternal, mother-in-law, foster mother and the wives of the Prophet (peace be upon him) along with the woman who gave birth. Nobody has the right to include of his own whim another woman in this order, not to speak of the woman who has been his wife. This gives the second legal injunction. To pronounce *zihar* is a grave sin and forbidden act, the violation of which deserves to be punished.**

5*یعنی بیوی کو ماں سے تشبیہ دینا اول تو ایک نہایت ہی بیہودہ اور شرمناک بات ہے جس کا تصور بھی کسی

شریف آدمی کو نہ کرنا چاہیے، کجاکہ وہ اسے زبان سے نکالے۔ دوسرے یہ جھوٹ بھی ہے۔ کیونکہ ایسی بات کہنے والا اگر یہ خبر دے رہا ہے کہ اس کی بیوی اس کے لیے اب ماں ہو گئی ہے تو جھوٹی خبر دے رہا ہے۔ اور اگر وہ اپنا یہ فیصلہ سنا رہا ہے کہ آج سے اس نے اپنی بیوی کو ماں کی سی حرمت بخش دی ہے تو بھی اس کا یہ دعویٰ جھوٹا ہے، کیونکہ خدا نے اسے یہ اختیارات نہیں دیے ہیں کہ جب تک چاہے ایک عورت کو بیوی کے حکم میں رکھے، اور جب چاہے اسے ماں کے حکم میں کر دے۔ شارع وہ نہیں ہے بلکہ اللہ تعالیٰ ہے، اور اللہ تعالیٰ نے جننے والی ماں کے ساتھ مادری کے حکم میں دادی، نانی، ساس، دودھ پلانے والی عورت اور ازواج نبیؐ کو شامل کیا ہے۔ کسی کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ اس حکم میں اپنی طرف سے کسی اور عورت کو داخل کر دے، کجاکہ اس عورت کو جو اس کی بیوی رہ چکی ہے۔۔۔۔ اس ارشاد سے یہ دوسرا قانونی حکم نکلا کہ ظہار کرنا ایک بڑا گناہ اور حرام فعل ہے جس کا مرتکب سزا کا مستحق ہے۔

***6 That is, such an utterance actually deserves to be punished much more severely, but it is Allah's kindness that He has, firstly, abolished the custom of ignorance and saved your family life from utter ruin, and secondly, has prescribed the lightest punishment for the culprits. And His supreme kindness is that the punishment too, is not any form of physical torture or imprisonment, but a few acts of worship and virtue, which are meant to reform you and help spread good in your society. In this connection, one should also understand that the acts of worship that have been prescribed by Islam as expiations for certain crimes and sins are neither mere punishments that they may be without the spirit of worship, nor mere acts of worship that they may entail no pain and suffering of the punishment. But both the aspects have been combined in them so that the culprit may experience pain as well as expiate his sin by means of performing a virtue and act of worship.**

*6 یعنی یہ حرکت تو ایسی ہے کہ اس پر آدمی کو بہت ہی سخت سزا ملنی چاہیے، لیکن یہ اللہ تعالیٰ کی مہربانی ہے کہ اس نے اول تو ظہار کے معاملہ میں جاہلیت کے قانون کو منسوخ کر کے تمہاری خانگی زندگی کو تباہی سے بچا لیا، دوسرے اس فعل کا ارتکاب کرنے والوں کے لیے وہ سزا تجویز کی جو اس جرم کی ہلکی سے ہلکی سزا ہو سکتی تھی، اور سب سے بڑی مہربانی یہ ہے کہ سزا کسی ضرب یا قید کی شکل میں نہیں بلکہ چند ایسی عبادات اور نیکیوں کی شکل میں تجویز کی جو تمہارے نفس کی اصلاح کرنے والی اور تمہارے معاشرے میں بھلائی پھیلانے والی ہیں۔ اس سلسلے میں یہ بات بھی سمجھ لینی چاہیے کہ اسلام میں بعض جرائم اور گناہوں پر جو عبادات بطور کفارہ مقرر کی گئی ہیں وہ نہ محض سزا ہیں کہ عبادت کی روح سے خالی ہوں اور نہ محض عبادت ہیں کہ سزا کی اذیت کا کوئی پہلو ان میں نہ ہو، بلکہ ان میں یہ دونوں پہلو جمع کر دیے گئے ہیں، تاکہ آدمی کو اذیت بھی ہو اور ساتھ ساتھ وہ ایک نیکی اور عبادت کر کے اپنے گناہ کی تلافی بھی کر دے۔

وَالَّذِيۡنَ يُظٰهِرُوۡنَ مِنۡ نِّسَآٮِٕهِمۡ ثُمَّ يَعُوۡدُوۡنَ لِمَا قَالُوۡا فَتَحۡرِيۡرُ رَقَبَةٍ مِّنۡ قَبۡلِ اَنۡ يَّتَمَآسَّا ؕ ذٰلِكُمۡ تُوۡعَظُوۡنَ بِهٖ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ خَبِيۡرٌ ﴿۳﴾

اور جو لوگ *7 ماں کہہ بیٹھیں اپنی بیویوں کو پھر رجوع کر لیں اس سے جو انہوں نے کہا *8 تو (ان پر) آزاد کرنا ہے ایک غلام اس سے پہلے کہ وہ ایکدوسرے کو ہاتھ لگائیں۔ یہ ہے تمکو نصیحت کی جاتی ہے جس سے *9 اور اللہ اس سے جو تم کرتے ہو باخبر ہے۔ *10

3. And those *7 who pronounce as mothers their wives, then go back on what they had said, *8 then (upon them) is freeing a slave before that they touch each other. That is what you are advised thereby. *9 And Allah of what you do is Aware. *10

*7 From here begins the statement of the legal injunctions

**concerning *zihar*. To understand this, it is necessary that one should keep in mind the incidents of *zihar* that took place in the time of the Prophet (peace be upon him), for the code of law pertaining to *zihar* is derived from the verses and the judgments that the Prophet (peace be upon him) gave after the revelation of these verses in the cases of *zihar* brought before him.**

**According to Abdullah bin Abbas, the first case of *zihar* in Islam was the one relating to Aus bin Samit Ansari, on whose wife Khaulah's complaint Allah sent down these verse. Although the details of this case that the traditionists have cited from several reporters contain minor differences, yet the elements of legal import and significance are almost agreed upon. A resume of these traditions is as follows:**

**Aus bin Samit had grown a little peevish in old age and according to some traditions, had also developed an ailment resembling insanity. The reporters have described it by the word *lamam* which is not exactly madness in Arabic but a state resembling it. In this state he had also pronounced *zihar* on his wife several times before, but in Islam this was the first occasion that he pronounced it as the result of a quarrel with her. Thereupon, his wife appeared before the Prophet (peace be upon him) and relating the whole story to him, said: O Messenger of Allah, is there any way out of this situation that could save me and my children from ruin. The Prophet's (peace be upon him) reply has been reported in different words by different reporters. In some traditions the words are to the**

**effect: No command has been given to me so far in this regard, and in some others the words are: In my opinion you have become unlawful to him, and in still others: You are unlawful to him. At this, she began to cry and complain and told the Prophet (peace be upon him) over and over again that her husband had not pronounced the words of divorce; therefore, he should suggest a way by which she and her children and her old husband's life could be saved from ruin. But the Prophet (peace be upon him) gave her the same reply every time. In the meantime he underwent the state of receiving revelation and these verses were revealed. After this, he said to her (and according to other traditions, he called her husband and told him) to free a slave. When they expressed their inability to do so, he said that the husband would have to observe two months' fast consecutively. She said: Aus is such a man that unless he eats and drinks three times a day, his sight starts failing him. The Prophet (peace be upon him) said: Then, you will have to feed 60 poor people. They submitted that they did not have the means for that unless they were helped out by him. Thereupon the Prophet (peace be upon him) gave them food articles that could suffice 60 men for two meals. Different quantities of it have been mentioned in different traditions. According to some traditions Khaulah herself gave to her husband food articles equal in quantity to those given by the Prophet so that he may perform the expiation. (Ibn Jarir, Musnad Ahmad Abu Daud, Ibn Abi Hatim).**

**The second incident of zihar relates to Salamah bin Sakhr Bayadi. He had a somewhat abnormal appetite for sex.**

**When the fasting month of Ramadan came, he, fearing that he might lose self-control in daytime in the state of fasting, pronounced *zihar* on his wife till the end of Ramadan. But he could not adhere to his pledge and went in to his wife one night. Penitent he appeared before the Prophet (peace be upon him) and told him what he had done. He told him to release a slave. He said he had no one else beside his wife, whom he could release. The Prophet (peace be upon him) then told him to observe two months' consecutive fast. He replied that it was during obligatory fasting itself that he had been unable to control himself and had become involved in trouble. The Prophet then said that he should feed 60 poor people, He replied that they were poor themselves and had gone to bed at night without food. Thereupon the Prophet (peace be upon him) got him a sufficient quantity of food articles from the collector of the zakat of Bani Zurayq so that he may feed 60 persons and may also save something for his children. (Musnad Ahmad, Abu Daud, Tirmadhi).**

**The third incident that has been related without any reference to the name is that a man pronounced *zihar* on his wife and then had sexual intercourse with her even before making the expiation. Then, when he came to the Prophet (peace be upon him) to ask for the legal verdict, he commanded him to abstain from her till he had made the expiation. (Abu Daud, Tirmidhi, Nasai, Ibn Majah).**

**The fourth incident is that the Prophet (peace be upon him) himself heard a man calling his wife as sister. Thereupon he said to him angrily: Is she your sister. But he did not**

regard it as *zihar*. (Abu Daud).

These four are the reliable incidents that have been related in the Hadith through authentic channels, and through them only can one adequately understand the Quranic injunctions that have been laid down in the following verses.

7*یہاں سے ظہار کے قانونی حکم کا بیان شروع ہو رہا ہے۔ اس کو سمجھنے کے لیے ضروری ہے کہ ظہار کے وہ واقعات نگاہ میں رہیں جو نبی صلی اللہ علیہ و سلم کے عہد مبارک میں پیش آئے تھے، کیونکہ اسلام میں ظہار کا مفصل قانون انہی آیات اور ان فیصلوں سے ماخوذ ہے جو ان آیات کے نزول کے بعد حضورؐ نے پیش آمدہ واقعات میں صادر فرمائے۔

حضرت عبداللہ بن عباس کے بیان کے مطابق اسلام میں ظہار کا پہلا واقعہ اوس بن صامت انصاری کا ہے جن کی بیوی خَولہ کی فریاد پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیات نازل فرمائیں۔ محدثین نے اس واقعہ کی جو تفصیلات متعدد راویوں سے نقل کی ہیں ان میں فروعی اختلافات تو بہت سے ہیں، مگر قانونی اہمیت رکھنے والے ضروری اجزاء قریب قریب متفق علیہ ہیں۔ خلاصہ ان روایات کا یہ ہے کہ حضرت اَوس بن صامت بڑھاپے میں کچھ چڑچڑے بھی ہو گئے تھے اور بعض روایات کی رو سے ان کے اندر کچھ جنون کی سی کیفیت بھی پیدا ہو گئی تھی جس کے لیے راویوں نے کَانَ بِہٖ لَمَمٌ کے الفاظ استعمال کی ہیں۔ لَمَم عربی زبان میں دیوانگی کو نہیں کہتے بلکہ اس طرح کی ایک کیفیت کو کہتے ہیں جسے ہم اردو زبان میں "غصے میں پاگل ہو جانے" کے الفاظ سے تعبیر کرتے ہیں اس حالت میں وہ پہلے بھی متعدد مرتبہ اپنی بیوی سے ظہار کر چکے تھے، مگر اسلام میں یہ پہلا موقع تھا کہ بیوی سے لڑ کر ان سے پھر اس حرکت کا صدور ہو گیا۔ اس پر ان کی اہلیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور سارا قصہ آپ سے بیان کر کے عرض کیا کہ یا رسول اللہ، کیا میری اور میرے بچوں کی زندگی کو تباہی سے بچانے کے لیے رخصت کا کوئی پہلو نکل سکتا ہے؟ حضورؐ نے جو جواب دیا وہ مختلف راویوں نے مختلف الفاظ میں نقل کیا ہے۔ بعض روایات میں الفاظ یہ ہیں کہ "ابھی تک اس مسئلے

میں مجھے کوئی حکم نہیں دیا گیا ہے''۔ اور بعض میں یہ الفاظ ہیں کہ ''میرا خیال یہ ہے کہ تم اس پر حرام ہو گئی ہو''۔ اور بعض میں یہ ہے کہ آپ نے فرمایا ''تم اس پر حرام ہو گئی ہو''۔ اس جواب کو سن کر وہ نالہ و فریاد کرنے لگیں۔ بار بار انہوں حضورؐ سے عرض کیا کہ انہوں نے طلاق کے الفاظ تو نہیں کہے ہیں، آپ کوئی صورت ایسی بتائیں جس سے میں اور میرے بچے اور میرے بوڑھے شوہر کی زندگی تباہ ہونے سے بچ جائے۔ مگر ہر مرتبہ حضورؐ ان کو وہی جواب دیتے رہے۔ اتنے میں آپ پر نزول وحی کی کیفیت طاری ہوئی اور یہ آیات نازل ہوئیں۔ اس کے بعد آپ نے ان سے کہا (اور بعض روایات کی رو سے ان کے شوہر کو بلا کر ان سے فرمایا) کہ ایک غلام آزاد کرنا ہو گا۔ انہوں نے اس سے معذوری ظاہر کی، تو فرمایا دو مہینے کے لگاتار روزے رکھنے ہوں گے۔ انہوں نے عرض کیا کہ اوس کا حال تو یہ ہے کہ دن میں تین مرتبہ کھائیں نہیں تو ان کی بینائی جواب دینے لگتی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا پھر 60 مسکینوں کو کھانا دینا پڑے گا۔ انہوں نے عرض کیا وہ اتنی مقدرت نہیں رکھتے، الاّ یہ کہ آپ مدد فرمائیں تب آپ نے انہیں اتنی مقدار میں سامان خوراک عطا فرمایا جو 60 آدمیوں کی دو وقت کی غذا کے لیے کافی ہو۔ اس کی مقدار مختلف روایات میں مختلف بیان کی گئی ہے، اور بعض روایات میں یہ ہے کہ جتنی مقدار حضورؐ نے عطا فرمائی اتنی ہی خود حضرت خولہ نے اپنے شوہر کو دی تاکہ وہ کفارہ ادا کر سکیں (ابن جریر، مسند احمد، ابوداوٗد، ابن ابی حاتم)۔

ظہار کا دوسرا واقعہ المہ بن صخر بیاضی کا ہے۔ ان صاحب پر اعتدال سے کچھ زیادہ شہوت کا غلبہ تھا۔ رمضان آیا تو انہوں نے اس اندیشہ سے کہ کہیں روزے کی حالت میں دن کے وقت بے صبری نہ کر بیٹھیں رمضان کے اختتام تک کے لیے بیوی سے ظہار کر لیا۔ مگر اپنی اس بات پر قائم نہ رہ سکے اور ایک رات بیوی کے پاس چلے گئے۔ پھر نادم ہو کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ماجرا عرض کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا ایک غلام آزاد کرو۔ انہوں نے کہا میرے پاس تو اپنی بیوی کے سوا کوئی نہیں جسے آزاد کر دوں۔ فرمایا دو مہینے کے مسلسل روزے رکھو۔ انہوں نے عرض کیا کہ روزوں ہی میں تو صبر نہ کر سکنے کی وجہ سے اس مصیبت میں پھنسا ہوں۔ حضورؐ نے فرمایا پھر 60 مسکینوں کو کھانا کھلاؤ۔ انہوں نے کہا ہم تو اس قدر غریب ہیں کہ رات بے کھائے سوتے ہیں۔ اس پر آپ نے بنی زُرَیق کے محصِلِ زکوٰۃ سے ان کو اتنا سامان خوراک دلوایا کہ 60 آدمیوں

میں بانٹ دیں اور کچھ اپنے بال بچوں کی ضروریات کے لیے بھی رکھ لیں (مسند احمد، ابوداؤد۔ ترمذی)۔

تیسرا واقعہ نام کی تصریح کے بغیر یہ بیان کیا گیا ہے کہ ایک شخص نے اپنی بیوی سے ظہار کیا اور پھر کفارہ ادا کرنے سے پہلے ہی اس سے مباشرت کرلی۔ بعد میں حضورؐ سے مسئلہ پوچھا تو آپ نے حکم دیا کہ اس سے الگ رہو جب تک کفارہ ادا نہ کردو (ابوداؤد، ترمذی، نسائی۔ ابن ماجہ)۔

چوتھا واقعہ یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو سنا کہ اپنی بیوی کو بہن کہہ کر پکار رہا ہے۔ اس پر آپ نے غصہ سے فرمایا" یہ تیری بہن ہے؟ " مگر آپ نے اسے ظہار قرار نہیں دیا (ابوداؤد)۔

یہ چار معتبر واقعات ہیں جو مستند ذرائع سے احادیث میں ملتے ہیں اور انہیں کی مدد سے قرآن مجید کے اس حکم کو اچھی طرح سمجھا جاسکتا ہے جو آگے کی آیتوں میں بیان ہوا ہے۔

***8 Literally: That they return to that which they said, but in view of the Arabic language and idiom great differences have occurred in determining the meaning of these words. Their one meaning can be: If they repeat the words of *zihar* after they have uttered them once. The Zahiriyyah and Bukair bin al-Ashajj and Yahya bin Ziyad al-Farm hold this very view, and a saying from Ata bin Abi Rabah also has been reported in support of the same. According to-them, the pronouncement of *zihar* once is forgiven; however, if a person repeats it, he becomes liable to make the expiation. But this commentary is expressly wrong for two reasons: first, that Allah has condemned *zihar* as an absurd thing and a falsehood and then prescribed a penalty for it. Now, it is not conceivable that if a man utters falsehood or absurdities once he should be excused and if he utters it the second time he should make himself liable to**

**punishment. The second reason of its being wrong is that the Prophet (peace be upon him) never asked the man pronouncing *zihar* whether he had pronounced it once or twice.**

**Its second meaning is: If the people who were used to uttering *zihar* in the pre-Islamic days of ignorance, repeat it in Islam, they will incur this punishment. This would mean that *zihar* should by itself be liable to punishment, and whoever utters the words of *zihar* for his wife, should become liable to make the expiation whether he may divorce the wife after it, or his wife may die; or he may have no intention of resuming conjugal relations with his wife. This view is hold by Taus, Mujahid, Shabi, Zuhri, Sufyan Thauri and Qatadah from among the jurists. They say that if the woman dies after the *zihar*, the husband cannot inherit her unless he has made the expiation.**

**The third meaning is: If after uttering the words of *zihar* the man may wish to go back on his words and make amends for what he said. In other words, *yaudon lima qalo* means that the man revoked what he had said.**

**The fourth meaning is: If the man may wish to make lawful what he had made unlawful for himself by pronouncing the *zihar*. In other words, it would mean that the person who had made a thing unlawful for himself has now returned to make it lawful views.**

**Most of the jurists have preferred and adopted one of these last two.**

**8*** اصل الفاظ ہیں یَعُوْدُوْنَ لِمَا قَالُوْا۔ لفظی ترجمہ یہ ہو گا کہ ” پلٹیں اس بات کی طرف جو انہوں نے

کہی''۔ لیکن عربی زبان اور محاورے کے لحاظ سے ان الفاظ کے معنی میں بڑا اختلاف واقع ہو گیا ہے:
ایک مفہوم ان کا یہ ہو سکتا ہے کہ ایک دفعہ ظہار کے الفاظ منہ سے نکل جانے کے بعد پھر ان کا اعادہ کریں۔ ظاہریہ اور بکیر بن الاشج، اور یحیٰی بن زیاد الفراء اسی کے قائل ہیں، اور عطاء بن ابی رباح سے بھی ایک قول اسی کی تائید میں منقول ہوا ہے۔ ان کے نزدیک ایک دفعہ کا ظہار تو معاف ہے، البتہ آدمی اس کی تکرار کرے تب اس پر کفارہ لازم آتا ہے۔ لیکن یہ تفسیر دو وجوہ سے صریحاً غلط ہے۔ ایک یہ کہ اللہ تعالیٰ نے ظہار کو بیہودہ اور جھوٹی بات قرار دے کر اس کے لیے سزا تجویز فرمائی ہے۔ اب کیا یہ بات قابل تصور ہے کہ ایک مرتبہ جھوٹی اور بیہودہ بات آدمی کہے تو معاف ہو اور دوسری مرتبہ کہے تو سزا کا مستحق ہو جائے؟ دوسری وجہ اس کے غلط ہونے کی یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہار کرنے والے کسی شخص سے بھی یہ سوال نہیں کیا کہ آیا اس نے ایک بار ظہار کیا ہے یا دوبار۔

دوسرا مفہوم اس کا یہ ہے کہ جو لوگ زمانہ جاہلیت میں یہ حرکت کرنے کے عادی تھے وہ اگر اسلام میں اس کا اعادہ کریں تو اس کی یہ سزا ہے۔ اس کے معنی یہ ہوں گے کہ ظہار کرنا بجائے خود مستوجب سزا ہو اور جو شخص بھی اپنی بیوی کے لیے ظہار کے الفاظ منہ سے نکالے اس پر کفارہ لازم آ جائے، خواہ وہ اس کے بعد بیوی کو طلاق دے دے، یا اس کی بیوی مر جائے، یا اس کا کوئی ارادہ اپنی بیوی سے تعلق زن و شوہر رکھنے کا نہ ہو۔ فقہاء میں سے طاؤس، مجاہد، شعبی، زہری، سفیان ثوری اور قتادہ کا یہی مسلک ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ظہار کے بعد اگر عورت مر جائے تو شوہر اس وقت تک اس کی میراث نہیں پا سکتا جب تک کفارہ ادا نہ کر دے۔

تیسرا مفہوم یہ ہے کہ ظہار کے الفاظ زبان سے نکالنے کے بعد آدمی پلٹ کر اس بات کا تدارک کرنا چاہے جو اس نے کہی ہے۔ بالفاظ دیگر عَادَ لِمَا قَالَ کے معنی ہیں کہنے والے نے اپنی بات سے رجوع کر لیا۔

چوتھا مفہوم یہ ہے کہ جس چیز کو آدمی نے ظہار کر کے اپنے لیے حرام کیا تھا اسے پلٹ کر پھر اپنے لیے حلال کرنا چاہے۔ بالفاظ دیگر عَادَ لِمَا قَالَ کے معنی یہ ہے کہ جو شخص تحریم کا قائل ہو گیا تھا وہ اب تحلیل کی طرف پلٹ آیا۔ اکثر و بیشتر فقہاء نے انہی دو مفہوموں میں سے کسی ایک کو ترجیح دی ہے۔

***9 In other words: This you are being enjoined for your**

نے اسے رد کرتے ہوئے یہ الفاظ کہہ دیے کہ اگر میں ان سے نکاح کروں توھُوَ عَلَیَّ کَظَھْرِ اَبِیْ۔ (وہ میرے اوپر ایسے ہوں جیسے میرے باپ کی پیٹھ)۔ کچھ مدت بعد وہ ان سے شادی کرنے پر راضی ہوگئیں۔ مدینہ کے علماء سے اس کے متعلق فتویٰ لیا گیا تو بہت سے فقہاء نے جن میں متعدد صحابہ بھی شامل تھے، یہ فتویٰ دیا کہ عائشہ پر کفارہ ظہار لازم ہے۔ اس واقعہ کو نقل کرنے کے بعد ابراہیم نخعی اپنی یہ رائے بیان کرتے ہیں کہ اگر عائشہ یہ بات شادی کے بعد کہتیں تو کفارہ لازم نہ آتا، مگر انہوں نے شادی سے پہلے یہ کہا تھا جب انہیں نکاح کرنے یا نہ کرنے کا اختیار حاصل تھا اس لیے کفارہ ان پر واجب ہوگیا۔

(3) جو عاقل و بالغ آدمی ظہار کے صریح الفاظ بحالت ہوش و حواس زبان سے ادا کرے اس کا یہ عذر قابل قبول نہیں ہوسکتا کہ اس نے غصے میں، یا مذاق مذاق میں، یا پیار سے ایسا کہا، یا یہ کہ اس کی نیت ظہار کی نہ تھی۔ البتہ جو الفاظ اس معاملہ میں صریح نہیں ہیں، اور جن میں مختلف معنوں کا احتمال ہے، ان کا حکم الفاظ کی نوعیت پر منحصر ہے۔ آگے چل کر ہم بتائیں گے کہ ظہار کے صریح الفاظ کون سے ہیں اور غیر صریح کون سے۔

(4)۔ یہ امر متفق علیہ ہے کہ ظہار اس عورت سے کیا جا سکتا ہے جو آدمی کے نکاح میں ہو۔ البتہ اس امر میں اختلاف ہے کہ کیا غیر عورت سے بھی ظہار ہو سکتا ہے۔ اس معاملہ میں مختلف مسالک یہ ہیں:

حنفیہ کہتے ہیں کہ غیر عورت سے اگر آدمی یہ کہے کہ ”میں تجھ سے نکاح کروں تو میرے اوپر تو ایسی ہے جیسے میری ماں کی پیٹھ“، تو جب بھی وہ اس سے نکاح کرے گا کفارہ ادا کیے بغیر اسے ہاتھ نہ لگا سکے گا۔ یہی حضرت عمرؓ کا فتویٰ ہے۔ ان کے زمانہ میں ایک شخص نے ایک عورت سے یہ بات کہی اور بعد میں اس سے نکاح کر لیا۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا اسے کفارہ ظہار دینا ہوگا۔

مالکیہ اور حنابلہ بھی یہی بات کہتے ہیں، اور وہ اس پر یہ اضافہ کرتے ہیں کہ اگر عورت کی تخصیص نہ کی گئی ہو بلکہ کہنے والے نے یوں کہا ہو کہ تمام عورتیں میرے اوپر ایسی ہیں، تو جس سے بھی وہ نکاح کرے گا اسے ہاتھ لگانے سے پہلے کفارہ دینا ہوگا۔ یہی رائے سعید بن المسیب، عروہ بن زبیر، عطاء بن ابی رباح، حسن بصری اور اسحاق بن راہویہ کی ہے۔

شافعیہ کہتے ہیں کہ نکاح سے پہلے ظہار بالکل بے معنی ہے۔ ابن عباس اور قتادہ کی بھی یہی رائے ہے۔

(5)۔ کیا ظہار ایک خاص وقت تک کے لیے ہو سکتا ہے؟ حنفی اور شافعی کہتے ہیں کہ اگر آدمی نے کسی خاص وقت کی تعیین کر کے ظہار کیا ہو تو جب تک وہ وقت باقی ہے، بیوی کو ہاتھ لگانے سے کفارہ لازم آئے گا، اور اس وقت کے گزر جانے پر ظہار غیر مؤثر ہو جائے گا۔ اس کی دلیل سلمہ بن صخر بیاضی کا واقعہ ہے جس میں انہوں نے اپنی بیوی سے رمضان کے لیے ظہار کیا تھا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے یہ نہیں فرمایا تھا کہ وقت کی تعیین بے معنی ہے۔ بخلاف اس کے امام مالک اور ابن ابی لیلیٰ کہتے ہیں کہ ظہار جب بھی کیا جائے گا، ہمیشہ کے لیے ہو گا اور وقت کی تخصیص غیر مؤثر ہو گی، کیونکہ جو حرمت واقع ہو چکی ہے وہ وقت گزر جانے پر آپ سے آپ ختم نہیں ہو سکتی۔

(6)۔ مشروط ظہار کیا گیا ہو تو جس وقت بھی شرط کی خلاف ورزی ہو گی، کفارہ لازم آجائے گا۔ مثلاً آدمی بیوی سے یہ کہتا ہے کہ "اگر میں گھر میں آؤں تو میرے اوپر تو ایسی ہے جیسے میری ماں کی پیٹھ"۔ اس صورت میں وہ جب بھی گھر میں داخل ہو گا۔ کفارہ ادا کیے بغیر بیوی کو ہاتھ نہ لگا سکے گا۔

(7)۔ ایک بیوی سے کئی مرتبہ ظہار کے الفاظ کہے گئے ہوں تو حنفی اور شافعی کہتے ہیں کہ خواہ ایک ہی نشست میں ایسا کیا گیا ہو یا متعدد نشستوں میں، بہر حال جتنی مرتبہ یہ الفاظ کہے گئے ہوں اتنے ہی کفارے لازم آئیں گے، الاّ یہ کہ کہنے والے نے ایک دفعہ کہنے کے بعد اس قول کی تکرار محض اپنے پہلے قول کی تاکید کے لیے کی ہو۔ بخلاف اس کے امام مالک اور امام احمد بن حنبل کہتے ہیں کہ خواہ کتنی ہی مرتبہ اس قول کی تکرار کی گئی ہو، قطع نظر اس سے کہ اعادہ کی نیت ہو یا تاکید کی، کفارہ ایک ہی لازم ہو گا۔ یہی قول شعبی، طاؤس، عطاء بن ابی رباح، حسن بصری، اور اوزاعی رحمہم اللہ کا ہے حضرت علی کا فتویٰ یہ ہے کہ اگر تکرار ایک نشست میں کی گئی ہو تو ایک ہی کفارہ ہو گا، اور مختلف نشستوں میں ہو تو جتنی نشستوں میں کی گئی ہو اتنے ہی کفارے دینے ہوں گے۔ قتادہ اور عمرو بن دینار کی رائے بھی یہی ہے۔

(8) دو یا زائد بیویوں سے بیک وقت اور بیک لفظ ظہار کیا جائے، مثلاً ان کو مخاطب کر کے شوہر کہے کہ تم میرے اوپر ایسی ہو جیسے میری ماں کی پیٹھ، تو حنفیہ اور شافعیہ کہتے ہیں کہ ہر ایک کو حلال کرنے کے لیے الگ الگ کفارے دینے ہونگے۔ یہی رائے حضرت عمرؓ حضرت علیؓ، عروہ بن زبیر، طاؤس، عطاء، حسن بصری،

ابراہیم نخعی، سفیان ثوری، اور ابن شہاب زہری کی ہے۔ امام مالکؒ اور امام احمدؒ کہتے ہیں کہ اس صورت میں سب کے لیے ایک ہی کفارہ لازم ہو گا۔ ربیعہ، اوزاعی، اسحاق بن راہویہ اور ابوثور کی بھی یہی رائے ہے۔

(9) ایک ظہار کا کفارہ دینے کے بعد اگر آدمی پھر ظہار کر بیٹھے تو یہ امر متفق علیہ ہے کہ پھر کفارہ دیے بغیر بیوی اس کے لیے حلال نہ ہو گی۔

(10)۔ کفارہ ادا کرنے سے پہلے اگر بیوی سے تعلق زن و شوہر قائم کر بیٹھا ہو تو ائمہ اربعہ کے نزدیک اگرچہ یہ گناہ ہے، اور آدمی کو اس پر استغفار کرنا چاہیے، اور پھر اس کا اعادہ نہ کرنا چاہیے، مگر کفارہ اسے ایک ہی دینا ہو گا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں جن لوگوں نے ایسا کیا تھا ان سے آپ نے یہ تو فرمایا تھا کہ استغفار کرو اور اس وقت تک بیوی سے علیحدہ رہو جب تک کفارہ ادا نہ کر دو مگر آپ نے یہ حکم نہیں دیا تھا کہ کفارہ ظہار کے علاوہ اس پر انہیں کوئی اور کفارہ بھی دینا ہو گا۔ حضرت عمرو بن عاص، قبیصہ بن ذؤیب سعید بن جبیر، زہری اور قتادہ کہتے ہیں کہ اس پر دو کفارے لازم ہوں گے۔ اور حسن بصری اور ابراہیم نخعی کی رائے یہ ہے کہ تین کفارے دینے ہوں گے۔ غالباً ان حضرات کو وہ احادیث نہ پہنچی ہوں گی جن میں اس مسئلہ پر حضورؐ کا فیصلہ بیان ہوا ہے۔

(11)۔ بیوی کو کس سے تشبیہ دینا ظہار ہے؟ اس مسئلے میں فقہاء کے درمیان اختلاف ہے: عامر شعبی کہتے ہیں کہ صرف ماں سے تشبیہ ظہار ہے، باقی اور کسی بات پر اس حکم کا اطلاق نہیں ہوتا۔ مگر فقہاء امت میں سے کسی گروہ نے بھی ان سے اس معاملہ میں اتفاق نہیں کیا ہے، کیونکہ قرآن نے ماں سے تشبیہ کو گناہ قرار دینے کی وجہ یہ بیان کی ہے کہ یہ نہایت بیہودہ اور جھوٹی بات ہے۔ اب یہ ظاہر ہے کہ جن عورتوں کی حرمت ماں جیسی ہے ان کے ساتھ بیوی کو تشبیہ دینا بیہودگی اور جھوٹ میں اس سے کچھ مختلف نہیں ہے، اس لیے کوئی وجہ نہیں کہ اس کا حکم وہی نہ ہو جو ماں سے تشبیہ کا حکم ہے۔

حنفیہ کہتے ہیں کہ اس حکم میں تمام وہ عورتیں داخل ہیں جو نسب یا رضاعت، یا ازدواجی رشتہ کی بنا پر آدمی کے لیے ابداً حرام ہیں مگر وقتی طور پر جو عورتیں حرام ہوں اور کسی وقت حلال ہو سکتی ہوں وہ اس میں داخل نہیں ہیں۔ جیسے بیوی کی بہن، بیوی کی خالہ، بیوی کی پھوپھی، یا غیر عورت جو آدمی کے نکاح میں نہ ہو۔ ابدی

محرمات میں سے کسی عورت کے کسی ایسے عضو کے ساتھ تشبیہ دینا جس پر نظر ڈالنا آدمی کے لیے حلال نہ ہو، ظہار ہوگا۔ البتہ بیوی کے ہاتھ، پاؤں، سر، بال، دانت وغیرہ کو ابداً حرام عورت کی پیٹھ سے، یا بیوی کو اس کے سر، ہاتھ، پاؤں جیسے اجزائے جسم سے تشبیہ دینا ظہار نہ ہوگا کیونکہ ماں بہن کے ان اعضاء پر نگاہ ڈالنا حرام نہیں ہے۔ اسی طرح یہ کہنا کہ تیرا ہاتھ میری ماں کے ہاتھ جیسا ہے، یا تیرا پاؤں میری ماں کے پاؤں جیسا ہے، ظہار نہیں ہے۔

شافعیہ کہتے ہیں کہ اس حکم میں صرف وہی عورتیں داخل ہیں جو ہمیشہ حرام تھیں اور ہمیشہ حرام ہیں، یعنی ماں، بہن، بیٹی وغیرہ مگر وہ عورتیں اس میں داخل نہیں ہیں جو کبھی حلال رہ چکی ہوں، جیسے رضاعی ماں، بہن، ساس اور بہو، یا کسی وقت حلال ہو سکتی ہوں، جیسے سالی۔ ان عارضی یا وقتی حرام عورتوں کے ماسوا ابدی حرمت رکھنے والی عورتوں میں سے کسی کے ان اعضا کے ساتھ بیوی کو تشبیہ دینا ظہار ہوگا جن کا ذکر بغرض اظہار اکرام و توقیر عادۃً نہیں کیا جاتا۔ رہے وہ اعضاء جن کا اظہار اکرام و توقیر کے کیا جاتا ہے تو ان کی تشبیہ صرف اس صورت میں ظہار ہوگی جبکہ یہ بات ظہار کی نیت سے کہی جائے۔ مثلاً بیوی سے یہ کہنا کہ تو میرے لیے میری ماں کی آنکھ یا جان کی طرح ہے، یا ماں کے ہاتھ، پاؤں یا پیٹ کی طرح ہے، یا ماں کے پیٹ یا سینے سے بیوی کے پیٹ یا سینے کو تشبیہ دینا، یا بیوی کے سر، پیٹھ یا ہاتھ کو اپنے لیے ماں کی پیٹھ جیسا قرار دینا، یا بیوی کو یہ کہنا کہ تو میرے لیے میری ماں جیسی ہے، ظہار کی نیت سے ہو تو ظہار ہے اور عزت کی نیت سے ہو تو عزت ہے۔

مالکیہ کہتے ہیں کہ ہر عورت جو آدمی کے لیے حرام ہو، اس سے بیوی کو تشبیہ دینا ظہار ہے، حتیٰ کہ بیوی سے یہ کہنا بھی ظہار کی تعریف میں آتا ہے ہ تو میرے اوپر فلاں غیر عورت کی پیٹھ جیسی ہے، نیز وہ کہتے ہیں کہ ماں اور ابدی محرمات کے کسی عضو سے بیوی کو یا بیوی کے کسی عضو کو تشبیہ دینا ظہار ہے، اور اس میں یہ شرط نہیں ہے کہ وہ اعضاء ایسے ہوں جن پر نظر ڈالنا حلال نہ ہو، کیونکہ ماں کے کسی عضو پر بھی اس طرح کی نظر ڈالنا جیسی بیوی پر ڈالی جاتی ہے، حلال نہیں ہے۔

حنابلہ اس حکم میں تمام ان عورتوں کو داخل سمجھتے ہیں جو ابداً حرام ہوں، خواہ وہ پہلے کبھی حلال رہ چکی ہوں، مثلاً

ساس، یا دودھ پلانے والی ماں رہیں وہ عورتیں جو بعد میں کسی وقت حلال ہو سکتی ہوں، (مثلاً سالی)، تو ان کے معاملہ میں امام احمد کا ایک قول یہ ہے کہ ان سے تشبیہ بھی ظہار ہے اور دوسرا قول یہ ہے کہ ان سے تشبیہ دینا ظہار کی تعریف میں آجاتا ہے۔ البتہ بال، ناخن، دانت جیسے غیر مستقل اجزاء جسم اس حکم سے خارج ہیں۔

(12)۔ اس امر میں تمام فقہاء کا اتفاق ہے کہ بیوی سے یہ کہنا کہ ''تو میرے اوپر میری ماں کی پیٹھ جیسی ہے'' صریح ظہار ہے کیونکہ اہل عرب میں یہی ظہار کا طریقہ تھا اور قرآن مجید کا حکم اسی کے بارے میں نازل ہوا ہے۔ البتہ اس امر میں فقہاء کے درمیان اختلاف ہے کہ دوسرے الفاظ میں کون سے ایسے ہیں جو صریح ظہار کے حکم میں ہیں، اور کون سے ایسے ہیں جن کے ظہار ہونے یا نہ ہونے کا فیصلہ قائل کی نیت پر کیا جائے گا۔

حنفیہ کے نزدیک ظہار کے صریح الفاظ وہ ہیں جن میں صاف طور پر حلال عورت (بیوی) کو حرام عورت (یعنی محرمات ابدیہ میں سے کسی عورت) سے تشبیہ دی گئی ہو، یا تشبیہ ایسے عضو سے دی گئی ہو جس پر نظر ڈالنا حلال نہیں ہے، جیسے یہ کہنا کہ تو میرے اوپر ماں یا فلاں حرام عورت کے پیٹ یا ران جیسی ہے۔ ان کے سوا دوسرے الفاظ میں اختلاف کی گنجائش ہے۔ اگر کہے کہ ''تو میرے اوپر حرام ہے جیسے میری ماں کی پیٹھ'' تو امام ابو حنیفہ کے نزدیک یہ صریح ظہار ہے، لیکن امام ابو یوسف اور امام محمد کے نزدیک ظہار کی نیت ہو تو ظہار ہے اور طلاق کی نیت ہو تو طلاق۔ اگر کہے کہ ''تو میری ماں جیسی ہے یا میری ماں کی طرح ہے'' تو حنیفہ کا عام فتویٰ یہ ہے کہ یہ ظہار کی نیت سے ظہار ہے، طلاق کی نیت سے طلاق بائن، اور اگر کوئی نیت نہ ہو تو بے معنی ہے۔ لیکن امام محمد کے نزدیک یہ قطعی ہے۔ اگر بیوی کو ماں یا بہن یا بیٹی کہہ کر پکارے تو یہ سخت بیہودہ بات ہے جس پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے غصے کا اظہار فرمایا تھا، مگر اسے ظہار نہیں قرار دیا۔ اگر کہے کہ ''تو میرے اوپر ماں کی طرح حرام ہے'' تو یہ ظہار کی نیت سے ظہار ہے، طلاق کی نیت سے طلاق، اور کوئی نیت نہ ہو تو ظہار ہے۔ اگر کہے کہ ''تو میرے لیے ماں کی طرح یا ماں جیسی ہے'' تو نیت پوچھی جائے گی۔ عزت اور توقیر کی نیت سے کہا ہو تو عزت اور توقیر ہے۔ ظہار کی نیت سے کہا ہو تو ظہار ہے۔ طلاق

کی نیت سے کہا ہو تو طلاق ہے۔ کوئی نیت نہ ہو اور یونہی یہ بات کہہ دی ہو تو امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک بے معنی ہے، امام ابو یوسف کے نزدیک اس پر ظہار کا تو نہیں مگر قسم کا کفارہ لازم آئے گا، اور امام محمد کے نزدیک یہ ظہار ہے۔

شافعیہ کے نزدیک ظہار کے صریح الفاظ یہ ہیں کہ کوئی شخص اپنی بیوی سے کہے کہ تو میرے نزدیک، یا میرے ساتھ، یا میرے لیے ایسی ہے جیسی میری ماں کی پیٹھ۔ یا تو میری ماں کی پیٹھ کی طرح ہے۔ یا تیرا جسم، یا تیرا بدن، یا تیرا نفس میرے لیے میری ماں کے جسم یا بدن یا جنس کی طرح ہے۔ ان کے سوا باقی تمام الفاظ میں قائل کی نیت پر فیصلہ ہو گا۔

حنابلہ کے نزدیک ہر وہ لفظ جس سے کسی شخص نے بیوی کو یا اس کے مستقل اعضاء میں سے کسی عضو کو کسی ایسی عورت سے جو اس کے لیے حرام ہے، یا اس کے مستقل اعضاء میں سے کسی عضو سے صاف صاف تشبیہ دی ہو، ظہار کے معاملہ میں صریح مانا جائے گا۔

مالکیہ کا مسلک بھی قریب قریب یہی ہے، البتہ تفصیلات میں ان کے فتوے الگ الگ ہیں۔ مثلاً کسی شخص کا بیوی سے یہ کہنا کہ "میرے لیے میری ماں جیسی ہے، یا میری ماں کی طرح ہے" مالکیوں کے نزدیک ظہار کی نیت سے ہو تو ظہار ہے، طلاق کی نیت سے ہو تو طلاق اور کوئی نیت نہ ہو تو ظہار ہے۔ حنبلیوں کے نزدیک یہ بشرط نیت صرف ظہار قرار دیا جا سکتا ہے۔ اگر کوئی شخص بیوی سے کہے کہ "تو میری ماں ہے" تو مالکیہ کہتے ہیں کہ یہ ظہار ہے اور حنابلہ کہتے ہیں کہ یہ بات اگر جھگڑے اور غصے کی حالت میں کہی گئی ہو تو ظہار ہے، اور پیار محبت کی بات چیت میں کہی گئی ہو تو گو یہ بہت ہی بری بات ہے لیکن ظہار نہیں ہے۔ اگر کوئی شخص کہے "تجھے طلاق ہے تو میری ماں کی طرح ہے" تو حنابلہ کے نزدیک یہ طلاق ہے نہ کہ ظہار، اور اگر کہے "تو میری ماں کی طرح ہے تجھے طلاق ہے" تو ظہار اور طلاق دونوں واقع ہو جائیں گے۔ یہ کہنا کہ "تو میرے اوپر ایسی حرام ہے جیسی میری ماں کی پیٹھ" مالکیہ اور حنابلہ دونوں کے نزدیک ظہار ہے خواہ طلاق ہی کی نیت سے یہ الفاظ کہے گئے ہوں، یا نیت کچھ بھی نہ ہو۔

الفاظ ظہار کی اس بحث میں یہ بات اچھی طرح سمجھ لینی چاہیے کہ فقہاء نے اس باب میں جتنی بحثیں کی ہیں

وہ سب عربی زبان کی الفاظ اور محاورات سے تعلق رکھتی ہیں، اور ظاہر ہے کہ دنیا کی دوسری زبانیں بولنے والے نہ عربی زبان میں ظہار کریں گے، نہ ظہار کرتے وقت عربی الفاظ اور فقروں کا ٹھیک ترجمہ زبان سے ادا کریں گے۔ اس لیے کسی لفظ یا فقرے کے متعلق اگر یہ فیصلہ کرنا ہو کہ وہ ظہار کی تعریف میں آتا ہے یا نہیں، تو اسے اس لحاظ سے نہیں جانچنا چاہیے کہ وہ فقہاء کے بیان کردہ الفاظ میں سے کس کا صحیح ترجمہ ہے، بلکہ صرف یہ دیکھنا چاہیے کہ آیا قائل نے بیوی کو جنسی (Sexual) تعلق کے لحاظ سے محرمات میں سے کسی کے ساتھ صاف صاف تشبیہ دی ہے، یا اس کے الفاظ میں دوسرے مفہومات کا بھی احتمال ہے؟ اس کی نمایاں ترین مثال خود وہ فقرہ ہے جس کے متعلق تمام فقہاء اور مفسرین کا اتفاق ہے کہ عرب میں ظہار کے لیے وہی بولا جاتا تھا اور قرآن مجید کا حکم اسی کے بارے میں نازل ہوا ہے، یعنی اَنْتِ عَلَیَّ کَظَھْرِ اُمِّیْ (تو میرے اوپر میری ماں کی پیٹھ جیسی ہے )۔ غالباً دنیا کی کسی زبان میں، اور کم از کم اردو کی حد تک تو ہم یقین کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ اس زبان میں کوئی ظہار کرنے والا ایسے الفاظ استعمال نہیں کر سکتا جو اس عربی فقرے کا لفظی ترجمہ ہوں۔ البتہ وہ اپنی زبان کے ایسے الفاظ ضرور استعمال کر سکتا ہے جن کا مفہوم ٹھیک وہی ہو جسے ادا کرنے کے لیے ایک عرب یہ فقرہ بولا کرتا تھا۔ اس کا مفہوم یہ تھا کہ ''تجھ سے مباشرت میرے لیے ایسی ہے جیسے اپنی ماں سے مباشرت ''، یا جیسے بعض جہلا بیوی سے کہہ بیٹھتے ہیں کہ 'تیرے پاس آؤں تو اپنی ماں کے پاس جاؤں ''۔

(13) قرآن مجید میں جس چیز کو کفارہ لازم آنے کا سبب قرار دیا گیا ہے وہ محض ظہار نہیں ہے بلکہ ظہار کے بعد ''عود'' ہے۔ یعنی اگر آدمی صرف ظہار کر کے رہ جائے اور عود نہ کرے تو اس پر کفارہ لازم نہیں آتا۔ اب سوال یہ ہے کہ وہ عود کیا ہے جو کفارہ کا موجب ہے؟ اس بارے میں فقہاء کے مسالک یہ ہیں:

حنفیہ کہتے ہیں کہ عود سے مراد مباشرت کا ارادہ ہے۔ لیکن اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ محض ارادے اور خواہش پر کفارہ لازم آجائے، حتیٰ کہ اگر آدمی ارادہ کر کے رہ جائے اور عملی اقدام نہ کرے تب بھی اسے کفارہ دینا پڑے۔ بلکہ اس کا صحیح مطلب یہ ہے کہ جو شخص اس حرمت کو رفع کرنا چاہے جو اس نے ظہار کر کے بیوی کے ساتھ تعلق زن و شوہر کے معاملہ میں اپنے اوپر عائد کر لی تھی وہ پہلے کفارہ دے، کیونکہ یہ حرمت کفارہ

کے بغیر رفع نہیں ہو سکتی۔

امام مالکؒ کے اس معاملہ میں تین قول ہیں، مگر مالکیہ کے ہاں ان کا مشہور ترین اور صحیح ترین قول اس مسلک کے مطابق ہے جو اوپر حنفیہ کا بیان ہوا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ظہار سے جس چیز کو اس نے اپنے اوپر حرام کر لیا تھا۔ وہ بیوی کے ساتھ مباشرت کا تعلق تھا۔ اس کے بعد عود یہ ہے کہ وہ اس کے ساتھ یہی تعلق رکھنے کے لیے پلٹے۔

امام احمد بن حنبلؒ کا مسلک بھی ابن قدامہ نے قریب قریب وہی نقل کیا ہے جو اوپر دونوں اماموں کا بیان کیا گیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ظہار کے بعد مباشرت کے حلال ہونے کے لیے کفارہ شرط ہے۔ ظہار کرنے والا جو شخص اسے حلال کرنا چاہے وہ گویا تحریم سے پلٹنا چاہتا ہے۔ اس لیے اسے حکم دیا گیا کہ اسے حلال کرنے سے پہلے کفارہ دے، ٹھیک اسی طرح جیسے کوئی شخص ایک غیر عورت کو اپنے لیے حلال کرنا چاہے تو اس سے کہا جائے گا کہ اسے حلال کرنے سے پہلے نکاح کرے۔

امام شافعیؒ کا مسلک ان تینوں سے مختلف ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ آدمی کا اپنی بیوی سے ظہار کرنے کے بعد اسے حسب سابق بیوی بنائے رکھنا، یا بالفاظ دیگر اسے بیوی کی حیثیت سے روکے رکھنا عود ہے۔ کیونکہ جس وقت اس نے ظہار کیا اسی وقت گویا اس نے اپنے لیے یہ بات حرام کر لی کہ اسے بیوی بنا کر رکھے۔ لہٰذا اگر اس نے ظہار کرتے ہی فوراً اسے طلاق نہ دی اور اتنی دیر تک اسے روکے رکھا جس میں وہ طلاق کے الفاظ زبان سے نکال سکتا تھا، تو اس نے عود کر لیا اور اس پر کفارہ واجب ہو گیا۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ ایک سانس میں ظہار کرنے کے بعد اگر آدمی دوسرے ہی سانس میں طلاق نہ دے دے تو کفارہ لازم آ جائے گا، خواہ بعد میں اس کا فیصلہ یہی ہو کہ اس عورت کو بیوی بنا کر نہیں رکھنا ہے، اور اس کا کوئی ارادہ اس کے ساتھ تعلق زن و شوہر رکھنے کا نہ ہو۔ حتیٰ کہ چند منٹ غور کر کے وہ بیوی کو طلاق بھی دے ڈالے تو امام شافعیؒ کے مسلک کی رو سے کفارہ اس کے ذمہ لازم رہے گا۔

(14) قرآن کا حکم ہے کہ ظہار کرنے والا کفارہ دے قبل اس کے کہ زوجین ایک دوسرے کو ''مس'' کریں۔ ائمہ اربعہ کا اس بات پر اتفاق ہے کہ اس آیت میں مس سے مراد چھونا ہے، اس لیے کفارہ سے پہلے

صرف مباشرت ہی حرام نہیں ہے بلکہ شوہر کسی طرح بھی بیوی کو چھو نہیں سکتا۔ شافعیہ شہوت کے ساتھ چھونے کو حرام کہتے ہیں، حنابلہ ہر طرح کے تلذذ کو حرام قرار دیتے ہیں، اور مالکیہ لذت کے لیے بیوی کے جسم پر بھی نظر ڈالنے کو ناجائز ٹھیراتے ہیں اور ان کے نزدیک صرف چہرے اور ہاتھوں پر نظر ڈالنا اس سے مستثنیٰ ہے۔

(15) ظہار کے بعد اگر آدمی بیوی کو طلاق دے دے تو رجعی طلاق ہونے کی صورت میں رجوع کر کے بھی وہ کفارہ دیے بغیر اس کو ہاتھ نہیں لگا سکتا۔ بائن ہونے کی صورت میں اگر اس سے دوبارہ نکاح کرے تب بھی اسے ہاتھ لگانے سے پہلے کفارہ دینا ہو گا۔ حتیٰ کہ اگر تین طلاق دے چکا ہو، اور عورت دوسرے آدمی سے نکاح کرنے کے بعد بیوہ یا مطلقہ ہو چکی ہو، اور اس کے بعد ظہار کرنے والا شوہر اس سے از سر نو نکاح کر لے، پھر بھی کفارے کے بغیر وہ اس کے لیے حلال نہ ہوگی۔ کیونکہ وہ اسے ماں یا محرمات سے تشبیہ دے کر اپنے اوپر ایک دفعہ حرام کر چکا ہے، اور یہ حرمت کفارے کے بغیر رفع نہیں ہو سکتی۔ اس پر ائمہ اربعہ کا اتفاق ہے۔

(16) عورت کے لیے لازم ہے کہ جس شوہر نے اس کے ساتھ ظہار کیا ہے اسے ہاتھ نہ لگانے دے جب تک وہ کفارہ ادا نہ کرے۔ اور چونکہ تعلق زن و شوہر عورت کا حق ہے جس سے ظہار کر کے شوہر نے اسے محروم کیا ہے، اس لیے اگر وہ کفارہ نہ دے تو بیوی عدالت سے رجوع کر سکتی ہے۔ عدالت اس کے شوہر کو مجبور کرے گی کہ وہ کفارہ دے کر حرمت کی دیوار ہٹائے جو اس نے اپنے اور اس کے درمیان حائل کر لی ہے۔ اور اگر وہ نہ مانے تو عدالت اسے ضرب یا قید یا دونوں طرح کی سزائیں دے سکتی ہے۔ یہ بات بھی چاروں مذاہب فقہ میں متفق علیہ ہے۔ البتہ فرق یہ ہے کہ مذہب حنفی میں عورت کے لیے صرف یہی ایک چارہ کار ہے، ورنہ ظہار پر خواہ کتنی ہی مدت گزر جائے، عورت کو اگر عدالت اس مشکل سے نہ نکالے تو وہ تمام عمر معلق رہے گی، کیونکہ ظہار سے نکاح ختم نہیں ہوتا، صرف شوہر کا حق تمتع سلب ہوتا ہے۔ مالکی مذہب میں اگر شوہر عورت کو ستانے کے لیے ظہار کر کے معلق چھوڑ دے تو اس پر ایلاء کے احکام جاری ہوں گے، یعنی وہ چار مہینے سے زیادہ عورت کو روک کر نہیں رکھ سکتا (احکام ایلاء کے لیے ملاحظہ ہو تفہیم القرآن، جلد اول، البقرہ،

حواشی 245 تا 247 )۔ شافعیہ کے نزدیک اگر چہ ظہار میں احکام ایلاء تو صرف اس وقت جاری ہو سکتے ہیں جبکہ شوہر نے ایک مدت خاص کے لیے ظہار کیا ہو اور وہ مدت چار مہینے سے زیادہ ہو، لیکن چونکہ مذہب شافعی کی رو سے شوہر پر اسی وقت کفارہ واجب ہو جاتا ہے جب وہ عورت کو بیوی بنا کر رکھے رہے، اس لیے یہ ممکن نہیں رہتا کہ وہ کسی طویل مدت تک اس کو معلق رکھے۔

(17) قرآن اور سنت میں تصریح ہے کہ ظہار کا پہلا کفارہ غلام آزاد کرنا ہے۔ اس سے آدمی عاجز ہو تب دو مہینے کے روزوں کی شکل میں کفارہ دے سکتا ہے۔ اور اس سے بھی عاجز ہو تب 60 مسکینوں کو کھانا کھلا سکتا ہے۔ لیکن اگر تینوں کفاروں سے کوئی شخص عاجز ہو تو چونکہ شریعت میں کفارے کی کوئی اور شکل نہیں رکھی گئی ہے اس لیے اسے اس وقت تک انتظار کرنا ہو گا جب تک وہ ان میں سے کسی ایک پر قادر نہ ہو جائے۔ البتہ سنت سے یہ ثابت ہے کہ ایسے شخص کی مدد کی جانی چاہیے تاکہ وہ تیسرا کفارہ ادا کر سکے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بیت المال سے ایسے لوگوں کی مدد فرمائی ہے جو اپنی غلطی سے اس مشکل میں پھنس گئے تھے اور تینوں کفاروں سے عاجز تھے۔

(18) قرآن مجید کفارہ میں رَقبہ آزاد کرنے کا حکم دیتا ہے جس کا اطلاق لونڈی اور غلام دونوں پر ہوتا ہے اور اس میں عمر کی کوئی قید نہیں ہے۔ شیر خوار بچہ بھی اگر غلامی کی حالت میں ہو تو اسے آزاد کیا جا سکتا ہے یا صرف مومن غلام ہی آزاد کرنا ہو گا۔ حنفیہ اور ظاہریہ کہتے ہیں غلام خواہ مومن ہو یا کافر، اس کا آزاد کر دینا کفارہ ظہار کے لیے کافی ہے، کیونکہ قرآن میں مطلق رقبہ کا ذکر ہے، یہ نہیں کہا گیا ہے کہ وہ مومن ہی ہونا چاہیے۔ بخلاف اس کے شافعیہ، مالکیہ اور حنابلہ اس کے لیے مومن کی شرط لگاتے ہیں، اور انہوں نے اس حکم کو ان دوسرے کفاروں پر قیاس کیا ہے جن میں رقبہ کے ساتھ قرآن مجید میں مومن کی قید لگائی گئی ہے۔

(19) غلام نہ پانے کی صورت میں قرآن کا حکم ہے کہ ظہار کرنے والا مسلسل دو مہینے کے روزے رکھے قبل اس کے کہ زوجین ایک دوسرے کو ہاتھ لگائیں۔ اس فرمان الٰہی پر عمل کرنے کی تفصیلات مختلف فقہی مذاہب میں حسب ذیل ہیں:

الف۔ اس امر پر اتفاق ہے کہ مہینوں سے مراد ہلالی مہینے ہیں۔ اگر طلوع ہلال سے روزوں کا آغاز کیا جائے تو

دو مہینے پورے کرنے ہوں گے۔ اگر بیچ میں کسی تاریخ سے شروع کیا جائے تو حنفیہ اور حنابلہ کہتے ہیں کہ 60 روزے رکھنے چاہئیں۔ اور شافعیہ کہتے ہیں کہ پہلے اور تیسرے مہینے میں مجموعی طور پر 30 روزے رکھ اور بیچ کا ہلالی مہینہ خواہ 29 کا ہو یا 30 کا، اس کے روزے رکھ لینے کافی ہیں۔

ب۔ حنفیہ اور شافعیہ کہتے ہیں کہ روزے ایسے وقت شروع کرنے چاہییں جب کہ بیچ میں نہ رمضان آئے نہ عیدین نہ یوم النحر اور ایام تشریق، کیونکہ کفارہ کے روزے رکھنے کے دوران میں رمضان کے روزے رکھنے اور عیدین اور یوم النحر اور ایام تشریق کے روزے چھوڑنے سے دو مہینے کا تسلسل ٹوٹ جائے گا اور نئے سرے سے روزے چھوڑنے سے دو مہینے کا تسلسل ٹوٹ جائے گا اور نئے سرے سے روزے رکھنے پڑیں گے۔ حنابلہ کہتے ہیں کہ بیچ میں رمضان کے روزے رکھنے اور حرام دنوں کے روزے نہ رکھنے سے تسلسل نہیں ٹوٹتا۔

ج۔ دو مہینوں کے دوران میں خواہ آدمی کسی عذر کی بنا پر روزہ چھوڑے یا بلا عذر، دونوں صورتوں میں حنفیہ اور شافعیہ کے نزدیک تسلسل ٹوٹ جائے گا اور نئے سرے سے روزے رکھنے ہوں گے۔ یہی رائے امام محمد باقر، ابراہیم نخعی، سعید بن جبیر اور سفیان ثوری کی ہے۔ امام مالک اور امام احمد کے نزدیک مرض یا سفر کے عذر سے بیچ میں روزہ چھوڑا جا سکتا ہے اور اس سے تسلسل نہیں ٹوٹتا، البتہ بلا عذر روزہ چھوڑ دینے سے ٹوٹ جاتا ہے۔ ان کا استدلال یہ ہے کہ کفارہ کے روزے رمضان کے فرض روزوں سے زیادہ موکد نہیں ہیں۔ جب ان کو عذر کی بناء پر چھوڑا جا سکتا ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ ان کو نہ چھوڑا جا سکے۔ یہی قول حضرت عبداللہ بن عباس، حسن بصری، عطاء بن ابی رَباح، سعید بن المسیب، عمرو بن دینار، شعبی طاؤس، مجاہد، اسحاق بن راہویہ، ابو عبید اور ابو ثور رحمھم اللہ کا ہے۔

د۔ دو مہینوں کے دوران میں اگر آدمی اس بیوی سے مباشرت کر بیٹھے جس سے اس نے ظہار کیا ہو، تو تمام ائمہ کے نزدیک اس کا تسلسل ٹوٹ جائے گا اور نئے سرے سے روزے رکھنے ہوں گے کیونکہ ہاتھ لگانے سے پہلے دو مہینے کے مسلسل روزے رکھنے کا حکم دیا گیا ہے۔

(20) قرآن اور سنت کی رو سے تیسرا کفارہ (یعنی 60 مسکینوں کا کھانا) وہ شخص دے سکتا ہے جو دوسرے

کفارے (دو مہینے کے مسلسل روزوں) کی قدرت نہ رکھتا ہو۔ اس حکم پر عمل درآمد کرنے کے لیے فقہاء نے جو تفصیلی احکام مرتب کیے ہیں وہ حسب ذیل ہیں:

الف۔ ائمہ اربعہ کے نزدیک روزوں پر قادر نہ ہونے کے معنی یہ ہیں کہ آدمی یا تو بڑھاپے کی وجہ سے قادر نہ ہو، یا مرض کے سبب سے، یا اس سبب سے کہ وہ مسلسل دو مہینے تک مباشرت سے پرہیز نہ کر سکتا ہو اور اسے اندیشہ ہو کہ اس دوران میں کہیں بے صبری نہ کر بیٹھے۔ ان تینوں عذرات کا صحیح ہونا اس احادیث سے ثابت ہے جو اَوس بن صامت انصاری اور سلمہ بن صخر بیاضی کے معاملہ میں وارد ہوئی ہیں۔ البتہ مرض کے معاملہ میں فقہاء کے درمیان تھوڑا سا اختلاف ہے۔ حنفیہ کہتے ہیں کہ مرض کا عذر اس صورت میں صحیح ہو گا جب کہ یا تو اس کے زائل ہونے کی امید نہ ہو، یا روزوں سے مرض کے بڑھ جانے کا اندیشہ ہو۔ شافعیہ کہتے ہیں کہ اگر روزوں سے ایسی شدید مشقت لاحق ہوتی ہو جس سے آدمی کو یہ خطرہ ہو کہ دو مہینے کے دوران میں کہیں سلسلہ منقطع نہ کرنا پڑے، تو یہ عذر بھی صحیح ہو سکتا ہے۔ مالکیہ کہتے ہیں کہ اگر آدمی کا گمان غالب یہ ہو کہ وہ مستقبل میں روزہ رکھنے کے قابل ہو سکے گا تو انتظار کر لے، اور اگر گمان غالب اس قابل نہ ہو سکنے کا ہو تو مسکینوں کو کھانا کھلا دے۔ حنابلہ کہتے ہیں کہ روزے سے مرض بڑھ جانے کا اندیشہ بالکل کافی عذر ہے۔

ب۔ کھانا صرف ان مساکین کو دیا جا سکتا ہے جن کا نفقہ آدمی کے ذمہ واجب نہ ہوتا ہو۔

ج۔ حنفیہ کہتے ہیں کہ کھانا مسلمان اور ذمی، دونوں قسم کے مساکین کو دیا جا سکتا ہے، البتہ حربی اور مستامن کفار کو نہیں دیا جا سکتا۔ مالکیہ، شافعیہ اور حنابلہ کی رائے یہ ہے کہ صرف مسلمان مساکین ہی کو دیا جا سکتا ہے۔

د۔ یہ امر متفق علیہ ہے کہ کھانا دینے سے مراد دو وقت کا پیٹ بھر کھانا دینا ہے۔ البتہ کھانا دینے کے مفہوم میں اختلاف ہے۔ حنفیہ کہتے ہیں کہ دو وقت کی شکم سیری کے قابل غلہ دے دینا، یا کھانا پکا کر دو وقت کھلا دینا، دونوں یکساں صحیح ہیں، کیونکہ قرآن مجید میں اِطعام کا لفظ استعمال ہوا ہے جس کے معنی خوراک دینے کے بھی ہیں اور کھلانے کے بھی۔ مگر مالکیہ، شافعیہ اور حنابلہ پکا کر کھلانے کو صحیح نہیں سمجھتے بلکہ غلہ دے دینا ہی ضروری قرار دیتے ہیں غلہ دینے کی صورت میں یہ امر متفق علیہ ہے کہ وہ غلہ دینا چاہیے جو اس شہر یا علاقے کے لوگوں کی عام غذا ہو۔ اور سب مسکینوں کو برابر دینا چاہیے۔

ھ۔ حنفیہ کے نزدیک اگر ایک ہی مسکین کو 60 دن تک کھانا دیا جائے تو یہ بھی صحیح ہے، البتہ یہ صحیح نہیں ہے کہ ایک ہی دن اسے 60 دنوں کی خوراک دے دی جائے۔ لیکن باقی تینوں مذاہب ایک مسکین کو دینا صحیح نہیں سمجھتے۔ ان کے نزدیک 60 ہی مساکین کو دینا ضروری ہے۔ اور یہ بات چاروں مذاہب میں جائز نہیں ہے کہ 60 آدمیوں کو ایک وقت کی خوراک اور دوسرے 60 آدمیوں کو دوسرے وقت کی خوراک دی جائے۔

و۔ یہ بات چاروں مذاہب میں سے کسی میں جائز نہیں ہے کہ آدمی 30 دن کے روزے رکھے اور 30 مسکینوں کو کھانا دے۔ دو کفارے جمع نہیں کیے جا سکتے۔ روزے رکھنے ہوں تو پورے دو مہینوں کے مسلسل رکھنے چاہییں۔ کھانا کھلانا ہو تو 60 مسکینوں کو کھلایا جائے۔

ز۔ اگرچہ قرآن مجید میں کفارہ طعام کے متعلق یہ الفاظ استعمال نہیں کیے گئے ہیں کہ یہ کفارہ بھی زوجین کے ایک دوسرے کو چھونے سے پہلے ادا ہونا چاہیے، لیکن فحوائے کلام اس کا مقتضی ہے کہ اس تیسرے کفارے پر بھی اس قید کا اطلاق ہو گا۔ اسی لیے ائمہ اربعہ نے اس کو جائز نہیں رکھا ہے کہ کفارہ طعام کے دوران میں آدمی بیوی کے پاس جائے۔ البتہ فرق یہ ہے کہ جو شخص ایسا کر بیٹھے اس کے متعلق حنابلہ یہ حکم دیتے ہیں کہ اسے از سر جو کھانا دینا ہو گا۔ اور حنفیہ اس معاملہ میں رعایت کرتے ہیں، کیونکہ اس تیسرے کفارے کے معاملے میں مِنۡ قَبۡلِ اَنۡ یَّتَمَاسَّا کی صراحت نہیں ہے اور یہ چیز رعایت کی گنجائش دیتی ہے۔

یہ احکام فقہ کی حسب ذیل کتابوں سے اخذ کیے گئے ہیں: فقہ حنفی: ہدایہ۔ فتح القدیر۔ بدایع الصنائع۔ احکام القرآن للجصاص۔ فقہ شافعی: المنہاج للنووی مع شرح مغنی المحتاج۔ تفسیر کبیر۔ فقہ مالکی: حاشیۃ الدسوقی علی الشرح الکبری۔ ہدایۃ المجتہد۔ احکام القرآن ابن عربی۔ فقہ حنبلی: المغنی لابن قدامہ۔ فقہ ظاہری: المحلیٰ لابن حزم۔

***12 So that you may believe: So that you may adopt the attitude of a true and sincere believer. Obviously, the addressees of this verse are not the pagans and polytheists, but the Muslims who had already affirmed the faith. To tell them, after reciting to them a Shariah injunction: This is**

being enjoined so that you may believe in Allah and His Messenger, clearly signifies that the conduct of the person who continues to follow the traditional law of paganism even after hearing the divine command would be contradictory to his profession of the faith. It is not the character of a believer that when Allah and His Messenger have prescribed a law for him in some matter of life, he should set it aside and follow some other law of the world, or go on following his own wishes and desires.

12*یہاں "ایمان لانے" سے مراد سچے اور مخلص مومن کا سا رویہ اختیار کرنا ہے۔ ظاہر ہے کہ آیت کے مخاطب کفار و مشرکین نہیں ہیں، بلکہ مسلمان ہیں جو پہلے ہی ایمان لائے ہوئے تھے ان کو شریعت کا ایک حکم سنانے کے بعد یہ فرمانا کہ "یہ حکم تم کو اس لیے دیا جارہا ہے کہ تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ" صاف طور پر یہ معنی رکھتا ہے کہ جو شخص خدا کے اس حکم کو سننے کے بعد بھی جاہلیت کے پرانے رواجی قانون کی پیروی کرتا رہے اس کا یہ طرز عمل ایمان کے منافی ہو گا۔ ایک مومن کا یہ کام نہیں ہے کہ اللہ اور اس کا رسول جب زندگی کے کسی معاملہ میں اس کے لیے ایک قانون مقرر کر دے تو وہ اس کو چھوڑ کر دنیا کے کسی دوسرے قانون کی پیروی کرے، یا اپنے نفس کی خواہشات پر عمل کرتا رہے۔

*13 Here "disbeliever" does not imply the denier of Allah and His Messenger (peace be upon him), but the person who adopts the attitude and conduct of a disbeliever even after affirming faith in Allah and His Messenger (peace be upon him). In other words, it means: This, in fact, is a characteristic of the disbelievers that even after hearing the command of Allah and His Messenger (peace be upon him), they should go on following their own whims, and continue to practice the customs of ignorance, for a true and sincere believer would never adopt such an attitude. The same

thing has been said in Surah Aal-Imran after enjoining the imperative duty of Hajj: And the one who disbelieves (i.e. does not obey this commandment), then Allah is Self-Sufficient and does not stand in need of anyone in the worlds. (verse 97). At neither place has the word *kufr* been used in the sense that whoever continues to have marital relations with the wife after *zihar* without making the expiation, or thinks that divorce has taken place by the mere pronouncement of *zihar* on the wife, or does not go to perform Hajj, in spite of the means, should be declared an apostate and disbeliever by the religious court and regarded as excommunicated by the Muslims. But it means that in the sight of Allah such people as may reject His commandments by word or deed, or may at least bother to know as to what bounds their Lord has set for them, what He has forbidden and what He has enjoined, what He has made lawful and what unlawful, are not counted among the believers.

13*یہاں کفر سے مراد منکر خدا و رسالت نہیں ہے، بلکہ وہ شخص ہے جو خدا و رسول کو ماننے کا اقرار و اظہار کرنے کے بعد بھی وہ طرز عمل اختیار کرے جو ایک کافر کے کرنے کا ہے۔ دوسرے الفاظ میں اس ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ یہ دراصل کافروں کا کام ہے کہ اللہ اور اس کے رسول کا حکم سننے کے بعد بھی اپنی مرضی چلاتے رہیں، یا جاہلیت کے طریقوں ہی کی پیروی کرتے رہیں۔ ورنہ سچے دل سے ایمان لانے والا تو کبھی یہ رویہ اختیار نہیں کر سکتا۔ یہی بات سورہ آل عمران میں بھی حج کی فرضیت کا حکم دینے کے بعد فرمائی گئی ہے کہ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِیٌّ عَنِ الْعٰلَمِیْنَ، ''اور جو کفر کرے (یعنی اس حکم کی اطاعت نہ کرے) تو اللہ دنیا والوں سے بے نیاز ہے''۔ ان دونوں مقامات پر ''کفر'' کا لفظ اس معنی میں نہیں ہے کہ جو شخص بھی ظہار کرنے کے بعد کفارہ ادا کیے بغیر بیوی سے تعلق رکھے، یا یہ سمجھے کہ ظہار ہی سے بیوی کو طلاق ہو گئی ہے،

یا استطاعت کے باوجود حج نہ کرے، اسے قاضی شرع کافر و مرتد ٹھیرا دے اور سب مسلمان اسے خارج از اسلام قرار دے دیں۔ بلکہ یہ اس معنی میں ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں ایسے لوگوں کا شمار مومنین میں نہیں ہے جو اس کے احکام کو قول یا عمل سے رد کر دیں اور اس امر کی کوئی پرواہ نہ کریں کہ ان کے رب نے ان کے لیے کیا حدود مقرر کی ہیں، کن چیزوں کو فرض کیا ہے، کن چیزوں کو حلال کیا ہے اور کیا چیزیں حرام کر دی ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّ الَّذِيۡنَ يُحَآدُّوۡنَ اللّٰهَ وَرَسُوۡلَهٗ كُبِتُوۡا كَمَا كُبِتَ الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ وَ قَدۡ اَنۡزَلۡنَاۤ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ ؕ وَ لِلۡكٰفِرِيۡنَ عَذَابٌ مُّهِيۡنٌ ۚ ﴿۵﴾ | بیشک وہ لوگ جو مخالفت کرتے ہیں اللہ اور اسکے رسول کی*14 وہ ذلیل کئے جائیں گے جس طرح ذلیل کئے گئے تھے*15 لوگ ان سے پہلے۔ اور بیشک ہم نے نازل کر دی ہیں واضح آیتیں ۔ اور کافروں کے لئے عذاب ہے ذلت کا۔ *16 | 5. Indeed, those who oppose Allah and His Messenger *14 shall be abased as were abased*15 those before them. And certainly We have sent down clear signs. And for the disbelievers there is a punishment with disgrace. *16 |

*14 Those who oppose: Those who do not recognize the bounds set by Allah and instead set some other bounds for themselves. Ibn Jarir Tabari has given this commentary of this verse: That is, the people who resist Allah with regard to the bounds and duties enjoined by Him, and set for themselves some other bounds instead of the bounds set by Him. Baidawi has given this commentary of it: That is, they show hostility towards and dispute with Allah and His Messenger (peace be upon him), or set other bounds for

**themselves than the bounds set by them, or adopt the bounds set by others. Alusi in his Ruh Al-Maani has concurred with Baidawi in this commentary and cited the statement of Shaikh-ul-Islam Sadullah Chalpi to the effect: In this verse a threat has been held out to those kings and evil rulers who have framed many such rules as are opposed to the bounds set by the Shariah, and called them law. Here, Allama Alusi has dwelt upon the constitutional status (i.e. constitutional from the Islamic viewpoint) of the man made laws as against the Shariah laws and concluded thus:**

**There can be no doubt in the disbelief of the person who regards this law as commendable and superior to the Shariah and says that it is wiser and better suited to the genius of the people. And when the Shariah injunction in a particular matter is pointed out to him, he is angry, as we have seen some of those who are under the curse of Allah.**

14* مخالفت کرنے سے مراد اللہ کی مقرر کی ہوئی حدوں کو نہ ماننا اور ان کے بجائے کچھ دوسری حدیں مقرر کر لینا ہے۔ ابن جریر طبری اس آیت کی تفسیر یہ کرتے ہیں : ای یخالفون فی حدودہٖ و فرائضہ فیجعلون حدوداً غیر حدودہ۔ ''یعنی وہ لوگ جو اللہ کی حدود اور اس کے فرائض کے معاملہ میں اس کی مخالفت کرتے ہیں اور اس کی مقرر کی ہوئی حدوں کی جگہ دوسرے حدیں تجویز کر لیتے ہیں ''۔ بیضاوی نے اس کی تفسیر یہ کی ہے : ای یداد ونھما ویداقونھما اویضعون او یختادون حدوداً غیر حدودھما۔ ''یعنی اللہ اور اس کے رسول سے مخاصمت اور جھگڑا کرتے ہیں، یا ان کی مقرر کی ہوئی حدوں کے سوا دوسری حدیں خود وضع کر لیتے ہیں یا دوسروں کی وضع کردہ حدوں کو اختیار کرتے ہیں ''۔ آلودی نے روح المعانی میں بیضاوی کی اس تفسیر سے اتفاق کرتے ہوئے شیخ الاسلام سعد اللہ چلپی کا یہ قول نقل کیا ہے کہ ''اس آیت میں ان بادشاہوں

اور حکام سوء کے لیے سخت وعید ہے جنھوں نے شریعت کی مقرر کردہ حدود کے خلاف بہت سے احکام وضع کر لیے ہیں اور ان کا نام قانون رکھا ہے "۔ اس مقام پر علامہ آلوسی شرعی قوانین کے مقابلے میں وضعی قوانین کی آئینی (یعنی اسلامی نقطہ نظر آئینی) حیثیت پر مفصل بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"اس شخص کے کفر میں تو کوئی شک ہی نہیں ہے جو اس قانون کو مستحسن اور شریعت کے مقابلہ میں افضل قرار دیتا ہے، اور کہتا ہے کہ یہ زیادہ حکیمانہ اور قوم کے لیے زیادہ مناسب و موزوں ہے، اور جب کسی معاملہ میں اس سے کہا جائے کہ شریعت کا حکم اس کے بارے میں یہ ہے تو اس پر غصے میں بھڑک اٹھتا ہے، جیسا کہ ہم نے بعض ان لوگوں کو دیکھا ہے جن پر اللہ کی پھٹکار پڑی ہوئی ہے "۔

***15 The word used in the original is *kubt*, which means to disgrace, to destroy, to curse, to drive off, to push out, to debase. What is meant to be said is that the communities of the former Prophets who resisted Allah and His Messenger (peace be upon him) and rebelled against His commandments have already gone to their doom. Now those from among the Muslims who adopt the same attitude in life will also meet with the same evil end. Whenever the people made their own laws contradictory to divine law, or adopted laws made by others, they were deprived of Allah's bounty and grace, with the result that their lives were filled with deviations, immoralities and moral and social evils, which caused them to be ultimately degraded and humiliated oven in this world. If the same error now is committed by the community of the Prophet Muhammad (peace be upon him), there is no reason why it should continue to be regarded with favor by Allah and He may go on protecting it from a disgraceful destruction for ever and ever. Allah had neither any ill will against the**

communities of His former Messengers nor has He any special connection with the community of this Messenger (peace be upon him).

15*اصل میں لفظ کبت استعمال ہوا ہے جس کے معنی ہیں رسوا کرنا، ہلاک کرنا، لعنت کرنا، راندہ درگاہ کر دینا دھکے دے کر نکال دینا، تذلیل کرنا۔ ارشاد الٰہی کا مدعا یہ ہے کہ اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت اور اس کے احکام، سے بغاوت کا جو انجام پچھلے انبیا کی امتیں دیکھ چکی ہیں اس سے وہ لوگ ہرگز نہ بچ سکیں گے جو اب مسلمانوں میں سے وہی روش اختیار کریں۔ انہوں نے بھی جب خدا کی شریعت کے خلاف خود قوانین بنائے، یا دوسروں کے بنائے ہوئے قوانین کو اختیار کیا تب اللہ کے فضل اور اس کی نظر عنایت سے وہ محروم ہوئے، اور اسی کا نتیجہ یہ ہوا کہ ان کی زندگی ایسی گمراہیوں، بد درازیوں اور اخلاقی و تمدنی برائیوں سے لبریز ہوتی چلی گئی جنھوں نے بالآخر دنیا ہی میں ان کو ذلیل و خوار کر کے چھوڑا۔ یہی غلطی اگر اب امت محمدیہ کرے تو کوئی وجہ نہیں کہ یہ مقبول بارگاہ بنی رہے اور اللہ اسے ذلت کے گڑھے میں گرنے سے بچائے چلا جائے۔ اللہ کو نہ اپنے پچھلے رسولوں کی امت سے کوئی عداوت تھی، نہ اس رسول کی امت سے اس کا کوئی مخصوص رشتہ ہے۔

*16 A little consideration of the context shows that here two punishments of this attitude have been mentioned:
(1) *Kubt*, i.e. debasement and humiliation of this world.
(2) *Adhab muhin*, i.e. a disgraceful torment that they will suffer in the Hereafter.

16*سیاق عبارت پر غور کرنے سے یہ بات مترشح ہوتی ہے کہ یہاں اس روش کی دو سزاؤں کا ذکر ہے۔ ایک کبت، یعنی وہ خواری و رسوائی جو اس دنیا میں ہوئی اور ہوگی۔ دوسرے عذاب مہین، یعنی ذلت کا وہ عذاب جو آخرت میں ہونے والا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 6. The Day when Allah will | جس دن زندہ کر اٹھائے گا انہیں | يَوۡمَ يَبۡعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيۡعًا |

| | | |
|---|---|---|
| فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ؕ اَحْصٰهُ اللّٰهُ وَنَسُوْهُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝۶ | اللہ سب کو اکٹھے۔ پھر جتادیگا انہیں جو کچھ وہ کرتے رہے ۔ گن رکھے ہیں وہ اللہ نے جبکہ وہ بھول گئے انکو *17 ۔ اور اللہ ہر چیز پر شاہد ہے۔ | resurrect them all together, then He will inform them of what they did. Allah has kept account of it while they forgot it. *17 And Allah over all things, is witness. |

*17 That is, their having forgotten their own attitude and conduct does not mean that it is dead and forgotten altogether. For them the disobedience of God and resistance to His commands may be an ordinary matter which they may forget easily once they have indulged in it and may not even regard it as anything objectionable, which they should have avoided, yet in the sight of God it is no ordinary matter at all. With Him every misdeed of theirs has been noted down, His register contains a full record of every deed done by a person, when and where it was done, what was his own reaction to it, what were its consequences and how far and in what forms did they appear and spread in the world.

*17 یعنی ان کے بھول جانے سے معاملہ رفت گزشت نہیں ہوگیا ہے۔ ان کے لیے خدا کی نافرمانی اور اس کے احکام کی خلاف ورزی ایسی معمولی چیز ہو سکتی ہے کہ اس کا ارتکاب کر کے اسے یاد تک نہ رکھیں، بلکہ اسے کوئی قابل اعتراض چیز ہی نہ سمجھیں کہ اس کی کچھ پرواہ انہیں ہو۔ مگر خدا کے نزدیک یہ کوئی معمولی چیز نہیں ہے۔ اس کے ہاں ان کا ہر کرتوت نوٹ ہوچکا ہے۔ کس شخص نے، کب، کہاں، کیا حرکت کی، اس حرکت کے بعد اس کا اپنا رد عمل کیا تھا، اور اس کے کیا نتائج، کہاں کہاں کس کس شکل میں برآمد ہوئے، یہ

سب کچھ اس کے دفتر میں لکھ لیا گیا ہے۔

7. Have you not seen*18 that Allah knows whatever is in the heavens and whatever is on the earth. There is not any secret conversation of three, but He is the fourth of them, nor of five but He is the sixth of them, *19 nor of less than that, nor more except He is with them wherever they may be. *20 Then He will inform them of what they did on the Day of Resurrection. Indeed, Allah of all things, is Knower.

کیا نہیں دیکھا تم نے *18 کہ اللہ جانتا ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور جو کچھ ہے زمین میں۔ نہیں ہوتی کوئی سرگوشی تین میں مگر وہ ہوتا ہے چوتھا ان میں۔ اور نہ پانچ میں مگر وہ ہوتا ہے چھٹا ان میں *19۔ اور نہ کم اس سے اور نہ زیادہ مگر وہ ہوتا ہے انکے ساتھ جہاں کہیں وہ ہوں۔ *20 پھر وہ انکو بتادے گا جو کچھ وہ کرتے رہے ہیں قیامت کے دن۔ بیشک اللہ ہر چیز سے واقف ہے۔

اَلَمۡ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَعۡلَمُ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِى الۡاَرۡضِ‌ؕ مَا يَكُوۡنُ مِنۡ نَّجۡوٰى ثَلٰثَةٍ اِلَّا هُوَ رَابِعُهُمۡ وَلَا خَمۡسَةٍ اِلَّا هُوَ سَادِسُهُمۡ وَلَاۤ اَدۡنٰى مِنۡ ذٰلِكَ وَلَاۤ اَكۡثَرَ اِلَّا هُوَ مَعَهُمۡ اَيۡنَ مَا كَانُوۡا‌ۚ ثُمَّ يُنَبِّئُهُمۡ بِمَا عَمِلُوۡا يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ‌ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَىۡءٍ عَلِيۡمٌ ۞۷

*18 From here to verse 10 continuously the hypocrites have been taken to task for the attitude they had adopted in the Muslim society. Although apparently they were a part of the Muslim community, secretly they were a separate

**group from the believers. Whenever the Muslims saw them, they found them whispering secretly together. That is how they conspired and made all sorts of plans in order to create rifts in the ranks of the Muslims, and to cause alarm and spread mischief among them.**

18* یہاں سے آیت 19 تک مسلسل منافقین کے اس طرز عمل پر گرفت کی گئی ہے جو انہوں نے اس وقت مسلم معاشرے میں اختیار کر رکھا تھا۔ وہ بظاہر مسلمانوں کی جماعت میں شامل تھے، مگر اندر ہی اندر انہوں نے اہل ایمان سے الگ اپنا ایک جتھا بنا رکھا تھا۔ مسلمان جب بھی انہیں دیکھتے، یہی دیکھتے کہ وہ آپس میں سر جوڑے کھسر پسر کر رہے ہیں۔ انہیں خفیہ سرگوشیوں میں وہ مسلمانوں کے اندر پھوٹ ڈالنے اور فتنے برپا کرنے اور ہراس پھیلانے کے لیے طرح طرح کے منصوبے بناتے اور نئی نئی افواہیں گھڑتے تھے۔

***19 The question may arise why have three and five been mentioned here instead of two and three? Why has two and then four been left out? The commentators have given many answers to this question but in our opinion the correct answer is that this style has been adopted for maintaining the literary beauty of the Quran. Without this the style would have suffered from blemishes. Therefore, after making mention of three and five whisperers the gap has been filled up in the following sentence by saying: whether the whisperers are fewer than three, or more than five, in any case Allah is always with them.**

19* سوال پیدا ہوتا ہے کہ یہاں دو اور تین کے بجائے تین اور پانچ کا ذکر کس مصلحت سے کیا گیا ہے؟ پہلے دو اور پھر چار کو کیوں چھوڑ دیا گیا؟ مفسرین نے اس کے بہت سے جوابات دیے ہیں، مگر ہمارے نزدیک صحیح بات یہ ہے کہ یہ طرز بیان دراصل قرآن مجید کی عبارت کے ادبی حسن کو برقرار رکھنے کے لیے اختیار کیا گیا ہے۔ اگر ایسا نہ کیا جاتا تو عبارت یوں ہوتی : مَا يَكُونُ مِنۡ نَّجۡوٰى اثۡنَيۡنِ اِلَّا هُوَ ثَالِثُهُمۡ وَلَا ثَلٰثَةٍ اِلَّا

هُوَ رَابِعُهُمْ۔ اس میں نجوٰی یَتَنٰجَیٰن بھی کوئی خوبصورت ترکیب نہ ہوتی اور ثالث اور ثلٰثۃ کا یکے بعد دیگرے آنا
بھی حلاوت سے خالی ہوتا۔ یہی قباحت اِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ کے بعد وَلَآ اَرْبَعَۃٍ کہنے میں بھی تھی۔ اس لیے تین
اور پانچ سرگوشی کرنے والوں کا ذکر کرنے کے بعد دوسرے فقرے میں اس خلا کو یہ کہہ کر بھر دیا گیا کہ وَلَآ اَدْنٰی
مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْثَرَ اِلَّا هُوَ مَعَهُمْ۔ سرگوشی کرنے والے خواہ تین سے کم ہوں یا پانچ سے زیادہ، بہر حال اللہ
ان کے ساتھ موجود ہوتا ہے۔

***20 This Allah's being associated with them is, in fact, in the sense of Allah's being All-Knowing and All-Aware, All-Hearing and All-Seeing and His being absolute in power, and not in the sense that Allah, God forbid, is a person who is secretly and invisibly present among the five persons as their sixth associate. This, in fact, is meant to make the people realize that they may be holding secret counsels in safe and hidden places and may be able to conceal their plans from the world but they cannot keep them concealed from Allah, that they may escape from every power of the world, but they cannot escape the grasp of Allah.**

20۔ یہ معیت در حقیقت اللہ جل شانہ کے علیم و خبیر، اور سمیع و بصیر اور قادر مطلق ہونے کے لحاظ سے ہے، نہ کہ معاذ اللہ اس معنی میں کہ اللہ کوئی شخص ہے جو پانچ اشخاص کے درمیان یک چھٹے شخص کی حیثیت سے کسی جگہ چھپا بیٹھا ہوتا ہے۔ دراصل اس ارشاد سے لوگوں کو یہ احساس دلانا مقصود ہے کہ خواہ وہ کیسے ہی محفوظ مقامات پر خفیہ مشورہ کر رہے ہوں ان کی بات دنیا بھر سے چھپ سکتی ہے مگر اللہ سے نہیں چھپ سکتی اور وہ دنیا کی ہر طاقت کی گرفت سے بچ سکتے ہیں مگر اللہ کی پکڑ سے نہیں بچ سکتے۔

| | | |
|---|---|---|
| اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ نُهُوْا عَنِ النَّجْوٰى ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا نُهُوْا | کیا نہیں دیکھا تم نے ان لوگوں کو جنکو منع کیا گیا تھا سرگوشیاں کرنے | 8. Have you not seen those who were forbidden |

| | | |
|---|---|---|
| from secret conversation, then they returned to that they had been forbidden of *21. And they converse secretly of sin and transgression and disobedience to the Messenger. And when they come to you, they greet you with that has not greeted you by which Allah, *22 and they say to themselves: "Why not punishes us Allah for what we say." *23 Sufficient is for them Hell, they will burn therein. So evil is that destination. | سے ۔ پھر وہ لوٹ گئے اس پر منع کیا گیا تھا جس سے۔*21 اور سرگوشیاں کرتے ہیں وہ گناہ کی اور زیادتی اور رسول کی نافرمانی کی ۔ اور جب آتے ہیں تمہارے پاس تو سلام کرتے ہیں تمہیں اسطرح کہ نہیں سلام بھیجا تمہیں جیسے اللہ نے *22۔ اور کہتے ہیں اپنے دلوں میں کہ کیوں نہیں عذاب دیتا ہمیں اللہ اسپر جو ہم کہتے ہیں۔*23 کافی ہے انکو دوزخ اسی میں وہ جلیں گے ۔ پس وہ بری جگہ ہے۔ | عَنْهُ وَيَتَنٰجَوْنَ بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَ مَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ ۡ وَ اِذَا جَآءُوْكَ حَيَّوْكَ بِمَا لَمْ يُحَيِّكَ بِهِ اللّٰهُ ۙ وَ يَقُوْلُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ لَوْلَا يُعَذِّبُنَا اللّٰهُ بِمَا نَقُوْلُ ؕ حَسْبُهُمْ جَهَنَّمُ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۸﴾ |

*21 This shows that before the revelation of this verse the Prophet (peace be upon him) had forbidden the people this practice. Yet when they did not desist, Allah directly sent down this verse containing His warning and wrath for such people.

*21اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس آیت کے نزول سے پہلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ان لوگوں کو اس روش سے منع فرما چکے تھے، اس پر بھی جب وہ باز نہ آئے تب براہ راست اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ فرمان عتاب نازل ہوا۔

*22 This was the common practice of the Jews and the hypocrites. According to several traditions, some Jews came before the Prophet (peace be upon him) and said: *As-sam alaika ya abul-Qasim*. That is, they pronounced *as-sam alaika* in such a manner as to give the impression that they had said *as-salam alaika* (peace be on you), which is the Islamic way of greeting. But actually they had said *sam*, instead of *salam*, which means death. In response the Prophet said: *wa-alaikum*. Aishah retorted: May death visit you and the curse of Allah. The Prophet warned her, saying: Aishah, Allah does not like abusive language. She submitted: Didn't you hear, O Messenger of Allah what they said. The Prophet (peace be upon him) replied: And didn't you hear what reply I gave? I said: And the same upon you. (Bukhari, Muslim, Ibn Jarir, Ibn Abi Hatim). Abdullah bin Abbas has stated that both the Jews and the hypocrites had adopted this very way of greeting. (Ibn Jarir).

*22یہ یہود اور منافقین کا مشترک رویہ تھا۔ متعدد روایتوں میں یہ بات آئی ہے کہ کچھ یہودی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انہوں نے السام علیک یا ابا القاسم کہا۔ یعنی السلام علیک کا تلفظ کچھ اس انداز سے کیا کہ سننے والا سمجھے سلام کہا ہے، مگر دراصل انہوں نے سام کہا تھا جس کے معنی موت کے ہیں۔ حضورؐ نے جواب میں فرمایا وعلیکم۔ حضرت عائشہ سے نہ رہا گیا اور انہوں نے کہا موت تمہیں آئے اور

اللہ کی لعنت اور پھٹکار پڑے۔ حضورؐ نے انہیں تنبیہ فرمائی کہ اے عائشہ، اللہ کو بد زبانی پسند نہیں ہے۔ حضرت عائشہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ، آپ نے سنا نہیں کہ انھوں نے کیا کہا؟ حضورؐ نے فرمایا اور تم نے نہیں سنا کہ میں نے انہیں کیا جواب دیا؟ میں ان سے کہہ دیا ''اور تم پر بھی'') بخاری، مسلم، ابن جریر، ابن ابی حاتم)۔ حضرت عبداللہ بن عباس کا بیان ہے کہ منافقین اور یہود، دونوں نے سلام کا یہی طریقہ اختیار کر رکھا تھا (ابن جریر)۔

***23 That is, they regarded it as a proof of the Prophet's (peace be upon him) not being a Messenger. They thought that if he had been a true Messenger, they would be punished by a torment as soon as they greeted him in that way. Since there was no torment while they were greeting him day and night like that, he was not a Messenger of Allah.**

*23 یعنی وہ اپنے نزدیک اس بات کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم کے رسول نہ ہونے کی دلیل سمجھتے تھے۔ ان کا خیال یہ تھا کہ اگر یہ رسول ہوتے تو جس وقت ہم انہیں اس طریقہ سے سلام کرتے اسی وقت ہم پر عذاب آجاتا۔ اب چونکہ کوئی عذاب نہیں آتا، حالانکہ ہم شب و روز یہ حرکت کرتے رہتے ہیں، لہٰذا یہ رسول نہیں ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا تَنَاجَيْتُمْ فَلَا تَتَنَاجَوْا بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ وَ تَنَاجَوْا بِالْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ | اے وہ لوگوں جو ایمان لائے جب تم آپس میں مشورے کرو تو نہ کرنا مشورے گناہ کے اور زیادتی اور رسول کی نافرمانی کے۔ بلکہ مشورے کرو نیکو کاری اور پرہیزگاری کے۔ اور ڈرتے رہو | **9. O those who believed, when you converse secretly, so do not converse about sin and transgression and disobedience to the Messenger, but converse of piety** |

| | | |
|---|---|---|
| and righteousness. And fear Allah, Him unto whom you shall be gathered. *24 | اللہ سے وہ جسکے پاس تم جمع کئے جاؤ گے۔ *24 | اِلَيۡهِ تُحۡشَرُوۡنَ ۝٩ |

*24 This shows that *najwa* (talking secretly together) by itself is not forbidden, but it s being lawful or unlawful depends upon the character of the people who hold secret consultations and upon the circumstances under which such consultations are held, and upon nature of the consultations themselves, If the people whose sincerity, righteousness and purity of character are well known, are seen talking secretly together, nobody would have any misgiving that they were planning mischief. On the contrary, the whispering and secret consultations of the people who are notorious for their evil and wicked character, produce in every mind, the suspicion that they are engaged in a new conspiracy. Likewise, if a couple of persons talk for some time together on some matter secretly, it is not objectionable, but if some people have formed themselves into a gang and constantly engaged in a whispering campaign against the Muslim community, this would indeed be a prelude to some mischief. If nothing else, it would at least stir up divisions among the Muslims. Above all, the thing that decides whether *najwa* (secret counsel) is lawful or unlawful is the nature of the things talked of it. If two men hold a secret counsel in order to bring a dispute the an end, and to restore a person's right, or to bring a dispute to an end, or to restore a person's

**right, or to promote a good cause, it is no evil, but rather and an act of virtue, On the contrary, if the same secret counsel between two men is held with a view to creating mischief, or usurping the rights of others, or committing a sin, obviously the object itself would be evil and the secret counsel about it evil added to evil.**

**In this connection, the teaching given by the Prophet (peace be upon him) of social etiquette is: When three men are sitting together, no two of them should whisper to each other, for this would cause anguish to the third. (Bukhari, Muslim, Musnad Ahmad, Thirmidhi, Adu Daud). In another Hadith, the Prophet (peace be upon him) said: Two men should not whisper together, without the leave of the third, for this would cause him anguish. (Muslim). This objectionable sort of whispering also applies to the case when two of the three men start talking in a language which is not understood by the third, and even more objectionable would be that during their whispering they should look towards the third person or gesticulate in a manner as to suggest that he is the topic of discussion between them.**

24*اس سے معلوم ہواکہ نجویٰ (آپس میں راز کی بات کرنا) بجائے خود ممنوع نہیں ہے، بلکہ اس کے جائز یا نا جائز ہونے کا انحصار ان لوگوں کے کردار پر ہے جو ایسی بات کریں، اور ان حالات پر ہے جن میں ایسی بات کی جائے، اور ان باتوں کی نوعیت پر ہے جو اس طریقے سے کی جائیں۔ جن لوگوں کا اخلاص، جن کی راست بازی، جن کے کردار کی پاکیزگی معاشرے میں معلوم و معروف ہو، انہیں کسی جگہ سر جوڑے بیٹھے دیکھ کر کسی کو یہ شبہ نہیں ہو سکتا کہ وہ آپس میں کسی شرارت کا منصوبہ بنا رہے ہیں۔ بخلاف اس کے جو لوگ شر اور بدکرداری کے لیے معروف ہوں ان کی سرگوشیاں ہر شخص کے دل میں یہ کھٹک پیدا کر دیتی ہیں کہ ضرور کسی

نئے فتنے کی تیاری ہو رہی ہے۔ اسی طرح اتفاقاً کبھی دو چار آدمی باہم کسی معاملہ پر سرگوشی کے انداز میں بات کرلیں تو یہ قابل اعتراض نہیں ہے۔ لیکن اگر کچھ لوگوں نے اپنا ایک جتھا بنا رکھا ہو اور ان کا مستقل وتیرہ یہی ہو کہ ہمیشہ جماعت مسلمین سے الگ ان کے درمیان کھسر پسر ہوتی رہتی ہو تو یہ لازماً خرابی کا پیش خیمہ ہے۔ اور کچھ نہیں تو اس کا کم سے کم نقصان یہ ہے کہ اس سے مسلمانوں میں پارٹی بازی کی بیماری پھیلتی ہے۔ ان سب سے بڑھ کر جو چیز نجویٰ کے جائز و ناجائز ہونے کا فیصلہ کرتی ہے وہ ان باتوں کی نوعیت ہے جو نجویٰ میں کی جائیں۔ دو آدمی اگر اس لیے باہم سرگوشی کرتے ہیں کہ کسی جھگڑے کا تصفیہ کرانا ہے، یا کسی کا حق دلوانا ہے، یا کسی نیک کام میں حصہ لینا ہے، تو یہ کوئی برائی نہیں ہے، بلکہ کار ثواب ہے۔ اس کے برعکس اگر یہی نجویٰ دو آدمیوں کے درمیان اس غرض کے لیے ہو کہ کوئی فساد ڈلوانا ہے، یا کسی کا حق مارنا، یا کسی گناہ کا ارتکاب کرنا ہے تو ظاہر ہے کہ یہ غرض بجائے خود ایک برائی ہے اور اس کے لیے نجویٰ برائی پر برائی۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سلسلے میں آداب مجلس کی جو تعلیم دی ہے وہ یہ ہے کہ اذا کنتم ثلاثۃ فلا یتناجیٰ اثنان دون صاحبھما فان ذالک یحزنہٗ۔ "جب تین آدمی بیٹھے ہوں تو دو آدمی آپس میں کھسر پسر نہ کریں، کیونکہ یہ تیسرے آدمی کے لیے باعث رنج ہو گا" (بخاری۔ مسلم۔ مسند احمد۔ ترمذی۔ ابو داؤد)۔ دوسری حدیث میں حضور کے الفاظ یہ ہیں فلا یتناجیٰ اثنان دون الثالث الا باذنہ فان ذالک یحزنہٗ۔ "دو آدمی باہم سرگوشی نہ کریں مگر تیسرے سے اجازت لے کر، کیونکہ یہ اس کے لیے باعث رنج ہو گا" (مسلم)۔ اسی ناجائز سرگوشی کی تعریف میں یہ بات بھی آتی ہے کہ دو آدمی تیسرے شخص کی موجودگی میں کسی ایسی زبان میں بات کرنے لگیں جسے وہ نہ سمجھتا ہو۔ اور اس سے بھی زیادہ ناجائز بات یہ ہے کہ وہ اپنی سرگوشی کے دوران میں کسی کی طرف اس طرح دیکھیں یا اشارے کریں جس سے یہ ظاہر ہو کہ ان کے درمیان موضوع بحث وہی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّمَا النَّجۡوٰی مِنَ الشَّیۡطٰنِ | در حقیقت سرگوشیاں ہیں شیطان | 10. In fact, the secret conversation |

| | | |
|---|---|---|
| is from Satan, that he may cause grief to those who believed, and he cannot harm them at all except by permission of Allah. And in Allah let them put trust, those who believe. *25 | کیطرف سے تاکہ وہ رنجیدہ کرے ان لوگوں کو جو ایمان لائے۔ اور نہیں وہ نقصان پہنچا نیوالا انہیں کچھ بھی مگر اللہ کے حکم سے۔ اور اللہ ہی پر بھروسہ رکھیں ایمان والے۔ *25 | لِيَحْزُنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيْسَ بِضَآرِّهِمْ شَيْـًٔا اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰﴾ |

*25 This has been said so that if a Muslim watches some other people whispering, which causes him the doubt that it is directed against him, he should not feel so offended as to start planning a counter-attack on the basis of mere suspicion, or begin to nourish grief, or malice, or undue concern in his heart. He should understand that no one can harm him except by Allah's leave. This conviction would inspire him with such confidence that he would feel delivered of many a useless worry and imaginary danger and leaving the wicked to themselves would remain engaged in peacefully doing his duty. The believer who has trust in Allah is neither a faint-hearted person, whose peace of mind could be ruined by every doubt and suspicions nor so shallow and mean-minded as would lose his cool when confronted by the evildoers and start behaving in an unjust manner himself.

*25 یہ بات اس لیے فرمائی گئی ہے کہ اگر کسی مسلمان کو کچھ لوگوں کی سرگوشیاں دیکھ کر یہ شبہ بھی ہو جائے کہ

وہ اسی کے خلاف کی جا رہی ہیں، تب بھی اسے اتنا رنجیدہ نہ ہونا چاہیے کہ محض شبہ ہی شبہ پر کوئی جوابی کارروائی کرنے کی فکر میں پڑ جائے، یا اپنے دل میں اس پر کوئی غم، یا کینہ، یا غیر معمولی پریشانی پرورش کرنے لگے۔ اس کو یہ سمجھنا چاہیے کہ اللہ کے اذن کے بغیر کوئی اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔ یہ اعتماد اس کے قلب میں ایسی قوت پیدا کر دے گا کہ بہت سے فضول اندیشوں اور خیالی خطروں سے اس کو نجات مل جائے گی اور وہ اشرار کو ان کے حال پر چھوڑ کر پورے اطمینان و سکون کے ساتھ اپنے کام میں لگا رہیگا۔ اللہ پر توکل کرنے والا مومن کم ظرف نہیں ہوتا ہے کہ غلط کار لوگوں کے مقابلے میں آپے سے باہر ہو کر خود بھی خلاف انصاف حرکتیں کرنے لگے۔

يَاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِذَا قِيۡلَ لَكُمۡ تَفَسَّحُوۡا فِى الۡمَجٰلِسِ فَافۡسَحُوۡا يَفۡسَحِ اللّٰهُ لَكُمۡ ۚ وَاِذَا قِيۡلَ انۡشُزُوۡا فَانۡشُزُوۡا يَرۡفَعِ اللّٰهُ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا مِنۡكُمۡ ۙ وَالَّذِيۡنَ اُوۡتُوا الۡعِلۡمَ دَرَجٰتٍ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ خَبِيۡرٌ ۝۱۱

اے وہ لوگوں جو ایمان لائے ہو جب کہا جائے تم سے کہ کھل کر بیٹھو مجالس میں تو کھل کر بیٹھا کرو کشادگی بخشے گا اللہ تمکو *26۔ اور جب کہا جائے کہ اٹھ کھڑے ہو تو اٹھ کھڑے ہوا کرو۔ *27 بلند کرے گا اللہ انکو جو ایمان لائے ہیں تم میں سے اور وہ جنکو عطا کیا گیا ہے علم درجات میں *28۔ اور اللہ اس سے جو کچھ تم کرتے ہو باخبر ہے۔

**11.** O those who believed, when it is said to you, make room in the assemblies, then make room. Allah will make room for you. *26 And when it is said, rise up, then rise up. *27 Allah will exalt those who believed among you, and those who have been given knowledge in ranks. *28 And Allah of what you do, is Aware.

*26 This has been explained in the introduction to this Surah. Some commentators regard this command as restricted to the assemblies of the Prophet (peace be upon him). But as pointed out by Imam Malik, the correct view is that this is a general instruction for the assemblies held by the Muslims. One of the rules of etiquette taught by Allah and His Messenger (peace be upon him) to the Muslims is that when they are sitting in an assembly and some more people arrive, they should have the courtesy to accommodate the newcomers and should squeeze in together as far as possible to make room for them to sit. The new-comers should also have the courtesy not to press in forcibly and make others rise up in order to take their place. In the Hadith Abdullah bin Umar and Abu Hurairah have reported that the Prophet (peace be upon him) said: Nobody should make another person rise up so as to take his place, but you should yourself make room for others. (Musnad Ahmad, Bukhari, Muslim). And Abdullah bin Amr bin Aas reports that the Prophet (peace be upon him) said: It is not lawful for a person that he should forcibly press in between two men except by their leave. (Musnad Ahmad, Abu Daud, Tirmidhi).

26*اس کی تشریح سورہ کے دیباچے میں کی جاچکی ہے۔ بعض مفسرین نے اس حکم کو صرف نبی صلی اللہ علیہ و سلم کی مجلس تک محدود سمجھا ہے۔ لیکن جیسا کہ امام مالکؒ نے فرمایا ہے، صحیح بات یہ ہے کہ مسلمانوں کی تمام مجلسوں کے لیے یہ ایک عام ہدایت ہے۔ اللہ اور اس کے رسول نے اہل اسلام کو جو آداب سکھائے ہیں ان میں سے ایک بات یہ بھی ہے کہ جب کسی مجلس میں پہلے سے کچھ لوگ بیٹھے ہوں اور بعد میں مزید کچھ لوگ آئیں، تو یہ تہذیب پہلے سے بیٹھے ہوئے لوگوں میں ہونی چاہیے کہ وہ خود نئے آنے والوں کو

جگہ دیں اور حتیٰ الامکان کچھ سکڑ اور سمٹ کر ان کے لیے کشادگی پیدا کریں، اور اتنی شائستگی بعد کے آنے والوں میں ہونی چاہیے کہ وہ زبردستی ان کے اندر نہ گھسیں اور کوئی شخص کسی کو اٹھا کر اس کی جگہ بیٹھنے کی کوشش نہ کرے۔ حدیث میں حضرت عبداللہ بن عمرؓ اور حضرت ابوہریرۃؓ کی روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لایقیم الرجل الرجل من مجلسہ فی جلس فیہ ولکن تفسحوا وتوسعوا۔ ''کوئی شخص کسی کو اٹھا کر اس کی جگہ نہ بیٹھے بلکہ تم لوگ خود دوسروں کے لیے جگہ کشادہ کرو''۔ (مسند احمد، بخاری، مسلم)۔ اور حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص کی روایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا: لایحل لرجل ان یفرق بین اثنین الا باذنہما۔ ''کسی شخص کے لیے یہ حلال نہیں ہے کہ دو آدمیوں کے درمیان ان کی اجازت کے بغیر دھنس جائے'' (مسند احمد، ابوداؤد، ترمصی)۔

***27 Abdur Rahman bin Zaid bin Aslam has stated that the people used to prolong their sitting in the Prophet's (peace be upon him) assemblies and tried to sit till the end. This caused him inconvenience and discomfort as well as hindrance in his daily chores. At this Allah sent down this command, teaching the people the etiquette: When you are told to rise up froth the assembly, you should rise up and disperse. (Ibn Jarir, Ibn Kathir).**

*27 عبدالرحمان بن زید بن اسلم کا بیان ہے جو لوگ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں دیر تک بیٹھے رہتے تھے اور ان کی کوشش یہ ہوتی تھی کہ آخر وقت تک بیٹھے رہیں۔ اس سے بسا اوقات حضورؐ کو تکلیف ہوتی تھی، آپ کے آرام میں بھی خلل پڑتا تھا اور آپ کے کاموں کا بھی حرج ہوتا تھا۔ اس پر یہ حکم نازل ہوا کہ جب تم لوگوں سے کہا جائے کہ اٹھ جاؤ تو اٹھ جاؤ (ابن جریر وابن کثیر)۔

***28 That is, you should not think that if in the Prophet's (peace be upon him) assembly you had to sit a little farther away from him for the sake of making room for others, you would be reduced in rank or if you were asked to rise up**

and disperse from the assembly, you were disgraced. The real means of exaltation of ranks is faith and knowledge, and not an opportunity to sit nearest to the Prophet (peace be upon him) in his assembly and sit the longest. If a person happened to sit nearer to him, it does not mean that he became exalted in rank, for the high ranks belong only to those who have attained to the wealth of knowledge and faith. Likewise, the person who prolonged his sitting with the Prophet (peace be upon him) only to cause him inconvenience and discomfort, in fact, displayed lack of good manners. His there sitting near him for a long time will not exalt him in rank in any way. Far higher and exalted in rank in the sight of Allah is he who attained to taste faith and knowledge and imbibed the morals that should belong to a believer.

28*یعنی یہ نہ سمجھو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں دوسروں کو جگہ دینے کی خاطر اگر تم آپ سے کچھ دور جا بیٹھے تو تمہارا درجہ گر گیا، یا اگر مجلس برخاست کر کے تمہیں اٹھ جانے کے لیے کہا گیا تو تمہاری کچھ ذلت ہو گئی۔ رفع درجات کا اصل ذریعہ ایمان اور علم ہے نہ یہ کہ کس کو مجلس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم کے قریب بیٹھنے کا موقع ملا، اور کون زیادہ دیر تک آپ کے پاس بیٹھا۔ کوئی شخص اگر آپ کے قریب بیٹھ گیا ہو تو اس کے معنی یہ نہیں ہیں کہ اسے بڑا مرتبہ مل گیا۔ بڑا مرتبہ تو اسی کا رہے گا جس نے ایمان اور علم کی دولت زیادہ پائی ہے۔ اسی طرح کسی شخص نے اگر زیادہ دیر تک بیٹھ کر اللہ کے رسول کو تکلیف دی تو اس نے الٹا جہالت کا کام کیا۔ اس کے درجے میں محض یہ بات کوئی اضافہ نہ کر دے گی کہ اسے دیر تک آپ کے پاس بیٹھنے کا موقع ملا۔ اس سے بدرجہا زیادہ بلند مرتبہ اللہ کے ہاں اس کا ہے جس نے آپ کی صحبت سے ایمان اور علم کا سرمایہ حاصل کیا اور وہ اخلاق سیکھے جو ایک مومن میں ہونے چاہییں۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِذَا
نَاجَيۡتُمُ الرَّسُوۡلَ فَقَدِّمُوۡا
بَيۡنَ يَدَىۡ نَجۡوٰٮكُمۡ صَدَقَةً ؕ
ذٰ لِكَ خَيۡرٌ لَّـكُمۡ وَاَطۡهَرُ ؕ فَاِنۡ
لَّمۡ تَجِدُوۡا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوۡرٌ
رَّحِيۡمٌ ﴿۱۲﴾

اے وہ لوگوں جو ایمان لائے جب
تم علیحدگی میں کوئی بات کہو رسول
سے تو کر دیا کرو اپنی بات
کہنے سے پہلے کچھ صدقہ *29۔ یہ بہتر
ہے تمہارے لئے اور پاکیزہ تر بھی۔
پس اگر نہ میسر آئے تمکو (صدقہ) تو
بیشک اللہ بخشنے والا مہربان
ہے۔

12. O those who believed, when you consult in private with the Messenger, then spend before your consultation some charity. *29 That is better for you and purer. But if you do not find (charity), then indeed, Allah is All Forgiving, All Merciful.

*29 According to Abdullah bin Abbas, this command was sent down because the Muslims had started requesting the Prophet (peace be upon him) for private counsel much too frequently, and this put him to great inconvenience. At last, Allah willed to relieve His Prophet (peace be upon him) of this burden. (Ibn Jarir). Zaid bin Aslam says that the Prophet (peace be upon him) would never turn down the request of anyone, who wanted to consult him in private. Whoever desired to have private counsel with him, he would oblige him. Often it so happened that the people would ask for private counsel in matters in which there was no real need. This was the time when all of Arabia was engaged in war against Al-Madinah. Sometimes, after a person had made such a request, Satan would whisper into

the ears of the people the idea that he had brought to the Prophet (peace be upon him) the news of invasion by such and such tribes, and this would cause rumors to spread in Al-Madinah. On the other hand, this would give the hypocrites an opportunity to say that Muhammad (peace be upon him) was a credulous person, who listened to and believed in whatever anyone told him. Because of this Allah imposed the restriction that anyone who wanted to have private counsel with the Prophet should first give away something in charity. (Ibn Arabi: Ahkam al-Quran). Qatadah says that some people talked to the Prophet (peace be upon him) in private in order to show their superiority to others.

Ali says when this was enjoined the Prophet (peace be upon him) asked him, What should be the quantity of the charity, should it be one dinar. I said: This is more than the people can afford. The Prophet (peace be upon him) then asked: Should it be half a dinar. I said: This is also too much. Then he asked what it should be. I said: Gold equal to a barley grain. The Prophet (peace be upon him) remarked: Your advice is for too little. (Ibn Jarir, Tirmidhi, Musnad, Abu Yala). In another tradition Ali says: This is a verse of the Quran which no one acted upon except me. As soon as it was enjoined, I offered the charity and consulted the Prophet about a problem. (Ibn Jarir, Hakim, lbn al-Mundhi, Abd bin Humaid).

29*حضرت عبداللہ بن عباس اس حکم کی وجہ یہ بیان کرتے ہیں کہ مسلمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم سے بہت زیادہ باتیں (یعنی تخلیہ کی درخواست کر کے ) پوچھنے لگے تھے حتیٰ کہ انہوں نے حضورؐ کو تنگ کر

دیا۔ آخر کار اللہ تعالیٰ نے یہ چاہا کہ اپنے نبی پر سے یہ بوجھ ہلکا کر دے (ابن جریر)۔ زید بن اسلم کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے جو شخص بھی علیحدگی میں بات کرنے کی درخواست کرتا، آپ اسے رد نہ فرماتے تھے۔ جس کا جی چاہتا آ کر عرض کرتا کہ میں ذرا الگ بات کرنا چاہتا ہوں، اور آپ اسے موقع دے دیتے، یہاں تک کہ بہت سے لوگ ایسے معاملات میں بھی آپ کو تکلیف دینے لگے جن میں الگ بات کرنے کی کوئی حاجت نہ ہوتی۔ زمانہ وہ تھا جس میں سارا عرب مدینہ کے خلاف بر سرِ جنگ تھا۔ بعض اوقات کسی شخص کی اس طرح کی سرگوشی کے بعد شیطان لوگوں کے کان میں یہ پھونک دیتا تھا کہ یہ فلاں قبیلے کے حملہ آور ہونے کی خبر لایا تھا اور اس سے مدینہ میں افواہوں کا بازار گرم ہو جاتا تھا۔ دوسری طرف لوگوں کی اس حرکت کی وجہ سے منافقین کو یہ کہنے کا موقع مل جاتا تھا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم تو کانوں کے کچے ہیں، ہر ایک کی سن لیتے ہیں۔ ان وجوہ سے اللہ تعالیٰ نے یہ پابندی لگا دی کہ جو آپ سے خلوت میں بات کرنا چاہے وہ پہلے صدقہ دے (احکام القرآن الابن العربی)۔ قتادہ کہتے ہیں کہ دوسروں پر اپنی بڑائی جتانے کے لیے بھی بعض لوگ حضور سے خلوت میں بات کرتے تھے۔

حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ جب یہ حکم آیا تو حضورؐ نے مجھ سے پوچھا کتنا صدقہ مقرر کیا جائے؟ کیا ایک دینار؟ میں نے عرض کیا یہ لوگوں کی مقدرت سے زیادہ ہے۔ آپؐ نے فرمایا نصف دینار؟ میں نے عرض کیا لوگ اس کی مقدرت بھی نہیں رکھتے۔ فرمایا پھر کتنا؟ میں نے عرض کیا بس ایک جو برابر سونا۔ فرمایا: انک لزھید، یعنی تم نے تو بڑی کم مقدار کو مشورہ دیا (ابن جریر، ترمذی، مسند ابویعلیٰ)۔ ایک دوسری روایت میں حضرت علیؓ فرماتے ہیں قرآن کی یہ ایک ایسی آیت ہے جس پر میرے سوا کسی نے عمل نہیں کیا۔ اس حکم کے آتے ہی میں نے صدقہ پیش کیا اور ایک مسئلہ آپ سے پوچھ لیا۔ (ابن جریر، حاکم، ابنالمنذر، عبد بن حمید)۔

| | | |
|---|---|---|
| ءَاَشۡفَقۡتُمۡ اَنۡ تُقَدِّمُوۡا بَيۡنَ يَدَىۡ نَجۡوٰٮكُمۡ صَدَقٰتٍ‌ ؕ فَاِذۡ | کیا تم ڈر گئے اس سے کہ دیا کرو علیحدگی میں اپنی بات کہنے سے | 13. Are you afraid that you will have to present, before |

| | | |
|---|---|---|
| لَمۡ تَفۡعَلُوۡا وَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيۡكُمۡ فَاَقِيۡمُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيۡعُوا اللّٰهَ وَرَسُوۡلَهٗ ؕ وَ اللّٰهُ خَبِيۡرٌۢ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ ۝۱۳ | پہلے صدقات ۔ پھر جب ایسا نہ کر سکو اور معاف کر دیا اللہ نے تمہیں تو قائم کرتے رہو نماز اور دیتے رہو زکوٰۃ اور فرمانبرداری کرتے رہو اللہ اور اسکے رسول کی ۔ اور اللہ با خبر ہے اس سے جو تم کرتے ہو۔ *30 | your consultation in private, charities. Then when you do not do so, and Allah has forgiven you, then establish prayer and give poor due and obey Allah and His Messenger. And Allah is Aware of what you do. *30 |

*30 This second command was sent down some time after the first command, and it concealed the injunction of giving something in charity. However, there is a difference of opinion as to how long the injunction remained in force. Qatadah says it remained in force for less than a day and then was abrogated. Muqatil bin Hayyan says that it remained in force for ten days; and this is the longest period of its life mentioned in any tradition.

*30 یہ دوسرا حکم اوپر کے حکم کی تھوڑی مدت بعد ہی نازل ہو گیا اور اس نے صدقہ کے وجوب کو منسوخ کر دیا۔ اس امر میں اختلاف ہے کہ صدقہ کا یہ حکم کتنی دیر رہا۔ قتادہ کہتے ہیں کہ ایک دن سے بھی کم مدت تک باقی رہا پھر منسوخ کر دیا گیا۔ مقاتل بن حیان کہتے ہیں دس دن تک رہا۔ یہ زیادہ سے زیادہ اس حکم کے بقا کی مدت ہے جو کسی روایت میں بیان ہوئی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| اَلَمۡ تَرَ اِلَى الَّذِيۡنَ تَوَلَّوۡا | کیا نہیں دیکھا تم نے ان لوگوں کو | 14. Have you not seen of those who |

| | | |
|---|---|---|
| قَوۡمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيۡهِمۡ ؕ مَّا هُمۡ مِّنۡكُمۡ وَلَا مِنۡهُمۡ ۙ وَ يَحۡلِفُوۡنَ عَلَى الۡكَذِبِ وَ هُمۡ يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۱۴﴾ | جنہوں نے دوست بنایا ان لوگوں کو غضب ہوا اللہ کا جن پر *31 ۔ نہ ہیں وہ تم میں اور نہ ان میں۔ اور قسمیں کھاتے ہیں جھوٹ پر اور وہ خوب جانتے ہیں۔ *33 | have taken as friends a people Allah has become angry with whom. *31 Neither they are of you nor of them, *32 and they swear to a false oath and they know. *33 |

*31 The allusion is to the Jews of Al-Madinah whom the hypocrites had taken for friends.

31*اشارہ ہے مدینے کے یہودیوں کی طرف جنہیں منافقین نے دوست بنا رکھا تھا۔

*32 That is, they are neither sincere in their connections with the believers, nor with the Jews: their relations with both are based on selfish interests.

32*یعنی مخلصانہ تعلق ان کا نہ اہل ایمان سے ہے نہ یہود سے۔ دونوں کے ساتھ انہوں نے محض اپنی اغراض کے لیے رشتہ جوڑ رکھا ہے۔

*33 A false oath: that they have believed in and have accepted Muhammad (peace be upon him) as their guide and leader and are faithful to Islam and the Muslims.

33*یعنی اس بات پر کہ وہ ایمان لائے ہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنا ہادی و پیشوا مانتے ہیں اور اسلام و اہل اسلام کے وفادار ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمۡ عَذَابًا شَدِيۡدًا ؕ اِنَّهُمۡ سَآءَ مَا كَانُوۡا | تیار کر رکھا ہے اللہ نے انکے لئے سخت عذاب۔ یقیناً برا ہے جو کچھ وہ | 15. Allah has prepared for them a severe punishment. |

| | | |
|---|---|---|
| Indeed, evil is that which they are doing. | کرتے ہیں ۔ | يَعۡمَلُوۡنَ ﴿۱۵﴾ |
| 16. They have taken their oaths as a covering, and they hinder from the path of Allah. *34 So for them is a disgraceful punishment. | بنا لیا ہے انہوں نے اپنی قسموں کو ڈھال اور وہ روکتے ہیں اللہ کے راستے سے *34 سو انکے لئے ہے ذلت کا عذاب ۔ | اِتَّخَذُوۡۤا اَيۡمَانَهُمۡ جُنَّةً فَصَدُّوۡا عَنۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ فَلَهُمۡ عَذَابٌ مُّهِيۡنٌ ﴿۱۶﴾ |

*34 That is, on the one hand, they swear oaths to their faith and fidelity to make the Muslims believe that they belong to them, and on the other, they sow doubts and suspicions against Islam and the followers of Islam and the Prophet (peace be upon him) of Islam in the hearts of the people, so that they should turn away from Islam in disgust taking their word to be a true inside picture of Islam, coming from the Muslims themselves.

*34 مطلب یہ ہے کہ ایک طرف تو وہ اپنے ایمان اور اپنی وفاداری کی قسمیں کھا کر مسلمانوں کی گرفت سے بچے رہتے ہیں، اور دوسری طرف اسلام اور اہل اسلام اور پیغمبر اسلام کے خلاف ہر طرح کے شبہات اور وسوسے لوگوں کے دلوں میں پیدا کرتے ہیں تاکہ لوگ یہ سمجھ کر اسلام قبول کرنے سے باز رہیں کہ جب گھر کے بھیدی یہ خبریں دے رہے ہیں تو ضرور اندر کچھ دال میں کالا ہو گا۔

| | | |
|---|---|---|
| 17. Never will avail them their wealth, nor their children against Allah at | ہرگز نہ فائدہ دیں گے انکو ان کے اموال اور نہ انکی اولاد اللہ کے | لَنۡ تُغۡنِىَ عَنۡهُمۡ اَمۡوَالُهُمۡ وَلَاۤ اَوۡلَادُهُمۡ مِّنَ اللّٰهِ شَيۡـئًا ؕ |

| | | |
|---|---|---|
| all. Those are the dwellers of the Fire, They in there will abide forever. | سامنے کچھ بھی۔ وہی لوگ ہیں اہل دوزخ وہ اسمیں ہمیشہ رہیں گے۔ | أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿١٧﴾ |
| 18. The Day when Allah will resurrect them all together, then they shall swear to Him as they swear to you, *35 and they think that they have something to stand upon. Is it not indeed they who are the liars. | جس دن زندہ کراٹھائے گا انہیں اللہ اکھٹے سبکو تو قسمیں کھائیں گے اس سے جس طرح یہ قسمیں کھاتے ہیں تم سے *35 اور خیال کرتے ہیں کہ وہ کسی چیز پر ہیں۔کیا نہیں ہیں بیشک وہی جو جھوٹے ہیں۔ | يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللَّهُ جَمِيعًا فَيَحْلِفُونَ لَهُ كَمَا يَحْلِفُونَ لَكُمْ ۖ وَيَحْسَبُونَ أَنَّهُمْ عَلَىٰ شَيْءٍ ۚ أَلَا إِنَّهُمْ هُمُ الْكَاذِبُونَ ﴿١٨﴾ |

*35 That is, not being content with swearing oaths before the people in this world, they will swear false oaths also before Allah Himself in the Hereafter, for falsehood and fraud has become second nature with them, which they will not give up even after death.

*35 یعنی یہ صرف دنیا ہی میں اور صرف انسانوں ہی کے سامنے جھوٹی قسمیں کھانے پر اکتفا نہیں کرتے بلکہ آخرت میں خود اللہ جل شانہ کے سامنے بھی یہ جھوٹی قسمیں کھانے سے باز نہ رہیں گے۔ جھوٹ اور فریب ان کے اندر اتنا گہرا اُتر چکا ہے کہ مر کر بھی یہ ان سے نہ چھوٹے گا۔

| | | |
|---|---|---|
| 19. Satan has overcome them and has caused | مسلط ہو چکا ہے انپر شیطان اور بھلا دی ہے اس نے انکو اللہ کی یاد۔ | اسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطَانُ فَأَنْسَاهُمْ ذِكْرَ اللَّهِ ۚ أُولَٰئِكَ |

| | | |
|---|---|---|
| them forget Allah's remembrance. Such are the party of Satan. Is it not indeed the party of Satan who are the losers. | یہی لوگ ہیں شیطان کا ٹولہ ۔ کیا نہیں ہے بیشک شیطان کا ٹولہ جو نقصان اٹھانے والے ہیں۔ | حِزْبُ الشَّيْطٰنِ ؕ اَلَاۤ اِنَّ حِزْبَ الشَّيْطٰنِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۹﴾ |
| 20. Indeed, those who oppose Allah and His Messenger, such are among those most humiliated. | بیشک وہ لوگ جو مخالفت کرتے ہیں اللہ کی اور اسکے رسول کی وہی ہیں نہایت ذلیل لوگوں میں۔ | اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَآدُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗۤ اُولٰٓئِكَ فِى الْاَذَلِّيْنَ ﴿۲۰﴾ |
| 21. Allah has decreed: "I shall most certainly prevail, *36 myself and My Messengers." Indeed, Allah is All Powerful, All Mighty. | لکھ دیا ہے اللہ نے کہ ضرور غالب ہوں گا *36 میں اور میرے رسول۔ بیشک اللہ قوی ہے زبردست ہے۔ | كَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِىْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ قَوِىٌّ عَزِيْزٌ ﴿۲۱﴾ |

*36 For explanation, see E.N. 93 of Surah As-Saaffat.

*36 تشریح کے لیے ملاحظہ ہو تفہیم القرآن، جلد چہارم، الصافات، حاشیہ 93۔

| | | |
|---|---|---|
| 22. You will not find a people who believe in Allah and the Last Day | نہ پاؤ گے تم ان لوگوں کو جو ایمان رکھتے ہیں اللہ پر اور روز قیامت پر | لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَآدُّوْنَ مَنْ |

حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ
كَانُوْۤا اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ
اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ ؕ
اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِیْ قُلُوْبِهِمُ
الْاِيْمَانَ وَاَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ
مِّنْهُ ؕ وَيُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ
مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ
فِيْهَا ؕ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ
وَرَضُوْا عَنْهُ ؕ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ
اللّٰهِ ؕ اَلَاۤ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ
هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۲۲﴾

کہ وہ محبت کرتے ہیں ان
سے جنھوں نے دشمنی کی اللہ سے
اور اسکے رسول سے۔ اگرچہ وہ ہوں
انکے باپ یا انکے بیٹے یا انکے
بھائی یا انکے اہل خاندان *37۔ وہ
لوگ کہ اسنے ثبت کر دیا ہے جنکے
دلوں میں ایمان کو اور مدد کی ہے
انکی فیض سے اپنی طرف سے۔
اور داخل کرے گا وہ انکو بہشتوں
میں بہ رہی ہیں جنکے نیچے نہریں وہ
رہیں گے ان میں۔ راضی ہوا اللہ
ان سے اور وہ راضی ہوئے اس
سے۔ وہی ہیں اللہ کی جماعت۔
کیانہیں ہے بیشک اللہ کی
جماعت ۔ وہی جو کامیاب
ہونیوالے ہیں۔

loving those who oppose Allah and His Messenger, even if they were their fathers, or their sons, or their brothers, or their kindred.*37 Those, He has decreed in their hearts faith, and has supported them with a spirit from Himself. And He will admit them into the gardens flowing underneath which rivers, to abide therein. Allah is pleased with them and they are pleased with Him. Those are the party of Allah. Is it not indeed the party of Allah those who are the successful.

*37 Two things have been stated in this verse: first, a

**matter of principle, and the second, a statement of fact. The matter of principle is that faith in the true religion and love of the opponents of the religion are contradictory things, which cannot conceivably co-exist in one and the same place. It is absolutely impossible that love of the faith and love of the enemies of Allah and His Messenger (peace be upon him) should co-exist in one and the same heart, just as a person's love for himself and his love for his enemy cannot co-exist in his heart simultaneously This is as if to say: lf you see a person who professes the faith as well as keeps relations of love with the opponents of Islam, you should never be involved in the misunderstanding that he might perhaps be true in his profession in spite of his this attitude and conduct. Likewise, the people who have established relations with Islam and the opponents of Islam simultaneously, should themselves also consider their position well and see what they actually are. Are they believers or hypocrites? And what actually they want to be. Do they want to live as believers or as hypocrites? If they have any righteousness left in them and any feeling that from a moral viewpoint hypocrisy is the meanest and most abject attitude for man, they should give up their attempt to ride in two boats simultaneously. Faith wants them to be decisive. If they want to remain believers, they should sever and sacrifice all those connections that clash with their relationship with Islam. If they hold another relation dearer to themselves than the relationship with Islam, then they should better give up their false profession of Islam.**

**Here, Allah has not just stated the principle but has also**

**presented the fact as a model before those who professed the faith. The true believers had in fact severed all connections that clashed with their relationship with Allah's religion. This had been witnessed by entire Arabia in the battles of Badr and Uhud. The emigrants from Makkah had fought against their own tribe and closest kinsmen only for the sake of Allah and His religion. Abu Ubaidah killed his father, Abdullah bin al-jarrah. Musab bin Umair killed his brother, Ubaid bin Umair. Umar killed his maternal uncle, Aas bin Hisham bin Mughirah. Abu Bakr became ready to fight his son, Abdur Rahman. Ali, Hamzah and Ubaidah bin al-Harith killed Utbah, Shaibah and Walid bin Utbah, who were their close kinsmen. About the prisoners of war captured at Badr, Umar gave the opinion that they should all be put to the sword, and proposed that a relative should kill a relative. In the same battle of Badr when Musab bin Umair saw that an Ansari Muslim had captured his real brother, Abu Aziz bin Umair, and was tying him, he shouted out to him, saying: Tie him tight: his mother is a rich woman. She will pay you a large ransom. Abu Aziz said: You are a brother and say this. Musab replied: Not you, but this Ansari Muslim is my brother now who has captured you. In the same battle of Badr, Abul Aas the son-in-law of the Prophet (peace be upon him) was taken as a prisoner and was shown no special favor any different from the other prisoners on account of his relationship with the Prophet (peace be upon him). Thus, the world was made a witness to the fact and shown the character of the sincere Muslims**

**and their profound relationship with Allah and His Messenger (peace be upon him).**
**Dailami has related this invocation of the Prophet (peace be upon him) on the authority of Muadh: *Alla-humma la taj al li-fajir-in* (and according to another tradition, *il-fasiq-in*) *alayya yadan wa la ni mata fa yuwadda-hu qalbi fa-inni wajad-tu fima uhitu ilayya la tajidu qaum-an yu minuna billahi wal-yaum il-akhir-i yuwaaddiuaa man haadd-Allahs wa Rasulahu*: O God, let not the wicked (and according to another tradition, the sinful) do me a favor because of which I may have love for him in my heart, for in the revelation sent down by You, I have also found this: You will never find any people who believe in Allah and the Last Day loving those who oppose Allah and His Messenger (peace be upon him).**

**37***اس آیت میں دو باتیں ارشاد ہوئی ہیں۔ ایک بات اصولی ہے، اور دوسری امر واقعی کا بیان۔ اصولی بات یہ فرمائی گئی ہے کہ دین حق پر ایمان اور اعدائے دین کی محبت، دو بالکل متضاد چیزیں ہیں جن کا ایک جگہ اجتماع کسی طرح قابل تصور نہیں ہے۔ یہ بات قطعی ناممکن ہے کہ ایمان اور دشمنان خدا و رسول کی محبت ایک دل میں جمع ہو جائیں، بالکل اسی طرح جیسے ایک آدمی کے دل میں اپنی ذات کی محبت اور اپنے دشمن کی محبت بیک وقت جمع نہیں ہو سکتی۔ لہٰذا اگر تم کسی شخص کو دیکھو کہ وہ ایمان کا دعویٰ بھی کرتا ہے اور ساتھ ساتھ اس نے ایسے لوگوں سے محبت کا رشتہ بھی جوڑ رکھا ہے جو اسلام کے مخالف ہیں تو یہ غلط فہمی تمہیں ہرگز لاحق نہ ہونی چاہیے کہ شاید وہ اپنی اس روش کے باوجود ایمان کے دعوے میں سچا ہو۔ اسی طرح جن لوگوں نے اسلام اور مخالفین اسلام سے بیک وقت رشتہ جوڑ رکھا ہے وہ خود بھی اپنی پوزیشن پر اچھی طرح غور کر لیں کہ وہ فی الواقع کیا ہیں، مومن ہیں یا منافق؟ اور فی الواقع کیا ہونا چاہتے ہیں، مومن بن کر رہنا چاہتے ہیں یا منافق؟ اگر ان کے اندر کچھ بھی راستبازی موجود ہے، اور وہ کچھ بھی یہ احساس اپنے اندر رکھتے ہیں کہ

اخلاقی حیثیت سے منافقت انسان کے لیے ذلیل ترین رویہ ہے، تو انہیں بیک وقت دو کشتیوں میں سوار ہونے کی کوشش چھوڑ دینی چاہیے۔ ایمان تو ان سے دو ٹوک فیصلہ چاہتا ہے۔ مومن رہنا چاہتے ہیں تو ہر اس رشتے اور تعلق کو قربان کر دیں جو اسلام کے ساتھ ان کے تعلق سے متصادم ہوتا ہو۔ اسلام کے رشتے سے کسی اور رشتے کو عزیز تر رکھتے ہیں تو بہتر ہے کہ ایمان کا جھوٹا دعویٰ چھوڑ دیں۔

یہ تو ہے اصولی بات۔ مگر اللہ تعالیٰ نے یہاں صرف اصول بیان کرنے پر اکتفا نہیں فرمایا ہے بلکہ اس امر واقعی کو بھی مدعیان ایمان کے سامنے نمونے کے طور پر پیش فرما دیا ہے کہ جو لوگ سچے مومن تھے انہوں نے فی الواقع سب کی آنکھوں کے سامنے تمام ان رشتوں کو کاٹ پھینکا جو اللہ کے دین کے ساتھ ان کے تعلق میں حائل ہوئے۔ یہ ایک ایسا واقعہ تھا جو بدر و احد کے معرکوں میں سارا عرب دیکھ چکا تھا۔ مکہ سے جو صحابہ کرام ہجرت کر کے آئے تھے وہ صرف خدا اور اس کے دین کی خاطر خود اپنے قبیلے اور اپنے قریب ترین رشتہ داروں سے لڑ گئے تھے۔ حضرت ابو عبیدہ نے اپنے باپ عبداللہ بن جراح کو قتل کیا۔ حضرت مصعب بن عمیر نے اپنے بھائی عبید بن عمیر کو قتل کیا۔ حضرت عمرؓ نے اپنے ماموں عاص بن ہشام بن مغیرہ کو قتل کیا۔ حضرت ابو بکر اپنے بیٹے عبدالرحمان سے لڑنے کے لیے تیار ہو گئے۔ حضرت علی، حضرت حمزہ اور حضرت عبیدہ بن الحارث نے ترعبہ، شیبہ اور ولید بن عتبہ کو قتل کیا جو ان کے قریبی رشتہ دار تھے۔ حضرت عمرؓ نے اسیران جنگ بدر کے معاملہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ ان سب کو قتل کر دیا جائے اور ہم میں سے ہر ایک اپنے رشتہ دار کو قتل کرے۔ اسی جنگ بدر میں حضرت مصعب بن عمیر کے سگے بھائی ابو عزیز بن عمیر کو ایک انصاری پکڑ کر باندھ رہا تھا۔ حضرت مصعب نے دیکھا تو پکار کر کہا "ذرا مضبوط باندھنا، اس کی ماں بڑی مالدار ہے، اس کی رہائی کے لیے وہ تمہیں بہت سا فدیہ دے گی"۔ ابو عزیز نے کہا "تم بھائی ہو کر یہ بات کہہ رہے ہو؟" حضرت مصعب نے جواب دیا "اس وقت تم میرے بھائی نہیں ہو بلکہ یہ انصاری میرا بھائی ہے جو تمہیں گرفتار کر رہا ہے"۔ اسی جنگ بدر میں خود نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے داماد ابو العاص گرفتار ہو کر آئے اور ان کے ساتھ رسول کی دامادی کی بنا پر قطعاً کوئی امتیازی سلوک نہ کیا گیا

جو دوسرے قیدیوں سے کچھ بھی مختلف ہوتا۔ اس طرح عالم واقعہ میں دنیا کو یہ دکھایا جا چکا تھا کہ مخلص مسلمان کیسے ہوتے ہیں اور اللہ اور اس کے دین کے ساتھ ان کا تعلق کیسا ہوا کرتا ہے۔

دیلمی نے حضرت معاذ کی روایت سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم کی یہ دعا نقل کی ہے کہ : اللھم لا تجعل لفاجر (وفی روایہ لفاسق) عَلَیَّ یداً ولا نعمہ فیودۂ قلبی فانی وجدت فیما اوحیت اِلیّ لا تَجِدُ قَوۡماً یُّؤۡ مِنُوۡنَ بِا للّٰہِ وَالۡیَوۡمِ الۡاٰخِرِ یُوَآدُّوۡ نَ مَنۡ حَآ دَّ اللّٰہَ وَرَسُوۡلَہٗ۔ '' خدایا، کسی فاجر (اور ایک روایت میں فاسق) کا میرے اوپر کوئی احسان نہ ہونے دے کہ میرے دل میں اس کے لیے کوئی محبت پیدا ہو۔ کیونکہ تیری نازل کردہ وحی میں یہ بات بھی میں نے پائی ہے کہ اللہ اور یوم آخر پر ایمان رکھنے والوں کو تم اللہ اور رسول کے مخالفوں سے محبت کرتے نہ پاؤ گے۔''